CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار، باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
امروز
www.dailyimroze.com
جلد نمبر 30 | بدھ 20 جنوری 2025ء 19 رجب المرجب 1446ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ 120

ژوب پاک افغان سرحد سے دراندازی کرنیوالے 5 خارجی دہشتگرد جہنم واصل

18 اور 19 جنوری کی رات خوارج کے ایک گروپ نے پاک افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش کی، جس کی اطلاع ملتے ہی سکیورٹی فورسز نے ژوب کے علاقہ سمبازہ سے دراندازی کی کوشش ناکام بنادی

سکیورٹی فورسز نے ژوب میں پاک افغان سرحد کے قریب کامیاب کارروائی کرتے ہوئے دراندازی کی کوشش کرنے والے 5 خارجی دہشت گردوں کو جہنم واصل کردیا

سکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائی کے نتیجے میں خوارج کی اس دراندازی کو ناکام بنایا گیا، پاکستان عبوری افغان حکومت سے مسلسل کہتا آرہا ہے کہ وہ سرحد کے اطراف مؤثر بارڈر مینجمنٹ کو یقینی بنائے

راولپنڈی (آئی پی ایس) سکیورٹی فورسز نے افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 5 خارجی دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ مسلح افواج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 18 اور 19 جنوری کی رات خوارج کے ایک گروپ نے پاک افغان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

وزارت خارجہ میں بڑے پیمانے پر تقرریاں اور تبادلے

مختلف ممالک میں سفیروں کی تعیناتی کی تیاریاں شروع کردی گئیں، نجی ٹی وی ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وزارت خارجہ میں بڑے پیمانے پر تقرریاں اور تبادلے کردیے گئے جبکہ مختلف ممالک میں سفیروں کی تعیناتی کی تیاریاں بھی شروع کردی گئی ہیں۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

بنوں میں پولیس موبائل آئی ای ڈی دھماکے سے جزوی تباہ

فورسز کا علاقے میں سرچ آپریشن، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

بنوں (این این آئی) صوبہ خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں میں پولیس کی موبائل دھماکے سے جزوی تباہ ہوگئی، تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بنوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی اقراء یونیورسٹی کی ڈگری دینے کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں۔

غزہ جنگ بندی کے بعد فلسطینیوں کی گھروں کو واپسی شروع

جنگ بندی معاہدے کے پہلے مرحلے پر عملدرآمد کا آغاز ہوگیا اسرائیلی ہٹ دھرمی کے باعث جنگ بندی میں 3 گھنٹے کی تاخیر ہوئی، جنگ بندی معاہدے پر عملدرآمد 2 بجکر 15 منٹ پر شروع ہوا

معاہدے کے تحت غزہ کے مقامی وقت کے مطابق شام 4 بجے یرغمالیوں کا تبادلہ ہوگا، جنگ بندی 6 ہفتوں کے لئے ہوگی، معاہدے کے تحت جنگ بندی کے پہلے دن 3 قیدی رہا ہوں گے، اسرائیل 95 فلسطینی قیدیوں کو رہا کرے گا

اسرائیلی وزیراعظم نے جنگ بندی قیدیوں کی فہرست سے مشروط کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب تک قیدیوں کی فہرست نہیں ملے گی جنگ بندی نہیں ہوگی، نیتن یاہو نے اسرائیلی فوج کو جنگ بندی سے روک دیا

تل ابیب: (آئی پی ایس) غزہ میں 15 ماہ سے جاری قتل وغارت کا سلسلہ تھمنے لگا، جنگ بندی معاہدے کے پہلے مرحلے پر عملدرآمد کا آغاز ہوگیا۔ اسرائیلی ہٹ دھرمی کے باعث جنگ بندی میں 3 گھنٹے کی تاخیر ہوئی، جنگ بندی معاہدے پر عملدرآمد 2 بجکر 15 منٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

لاہور: وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاءاللہ تارڑ عوامی اجتماع سے خطاب کررہے ہیں

ادائیگیوں کے توازن میں پائیداری کے لیے برآمدات پر مبنی معیشت پر توجہ مرکوز ہے، وزیر خزانہ

حکومت پاکستان کی معیشت کو برآمدات پر مبنی ترقی کی طرف منتقل کرنے پر توجہ مرکوز کررہی ہے، وزیر خزانہ

چین-پاکستان اقتصادی راہداری کا دوسرا مرحلہ مزید چینی کمپنیوں اور سرمایہ کاری کو راغب کرے گا، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان جون 2025 تک پانڈا بانڈ جاری کرے گا، حکومت پاکستان کی معیشت کو برآمدات پر مبنی ترقی کی طرف منتقل کرنے پر توجہ مرکوز کررہی ہے، چین-پاکستان اقتصادی راہداری کا دوسرا مرحلہ مزید چینی کمپنیوں اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہے، یوسف رضا گیلانی

نوجوان پاکستان کا مستقبل ہیں، طلبہ کو جدید مہارتوں سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ تعلیم کسی بھی قوم کی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہے۔ نوجوان پاکستان کا مستقبل ہیں اور ان کی صلاحیتوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

پرویز الٰہی، خاندان کیخلاف منی لانڈرنگ کیس سماعت آج ہوگی

لاہور (این این آئی) سپیشل کورٹ سنٹرل میں سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی اور ان کے خاندان کے افراد کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

نیا گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ آج سے آپریشنل ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) نیا گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ (NGIAP) (آج) بدھ 20 جنوری 2025 کو اپنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

بانی پی ٹی آئی کے خمیر میں ہی مثبت سیاست نہیں، رانا تنویر حسین

بانی پی ٹی آئی نے اپنی کابینہ کو دھوکہ دے کر تاریخ کی سب سے بڑی کرپشن کی

عوام رمضان میں عوام کے لئے بڑے پیکج کا اعلان کریں گے، وفاقی وزیر کی گفتگو

شرقپور شریف (این این آئی) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ کو سزا قانون کے مطابق ملی ہے، بانی پی ٹی آئی نے اپنی کابینہ کو دھوکہ دے کر تاریخ کی سب سے بڑی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

پنجاب اسمبلی کا اجلاس دو روز کے وقفے کے بعد آج شروع ہوگا

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کا اجلاس دو روز کے وقفے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

شرقپور شریف: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں۔

نہ کوئی ڈیل ہوگی اور نہ کوئی رعایت لی جائے گی، حلیم عادل شیخ

عمران خان قوم کے حقوق کے دفاع کے لیے ڈٹے ہوئے ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پورا نظام عمران خان کو شکست دینے کی کوششوں میں ناکام ہوچکا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پورا نظام عمران خان کے خلاف کام کررہا ہے، لیکن عوام ان کے ساتھ ہیں کیونکہ وہ ایک سچے عاشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

سکیورٹی فورسز کی کارروائی کو تحسین کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، محسن نقوی

قوم کو بلاشبہ سکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں پر فخر ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا خوارج دہشتگردوں کی پاک افغان بارڈر سے ژوب میں دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سکیورٹی فورسز نے بر وقت کارروائی کرکے خوارج دہشتگردوں کی بلوچستان میں دراندازی کو ناکام بنایا۔ محسن نقوی بہادر سکیورٹی فورسز نے دراندازی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

القادر یونیورسٹی کو بند کرنے کی سازش ہورہی ہے: سلمان اکرم راجہ

حقیقت پہلے بھی واضح تھی، اب بھی کھل کر سامنے آئے گی

اسلام آباد: (آئی پی ایس) سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ القادر یونیورسٹی کو بند کرنے کی سازش ہورہی ہے۔ اسلام آباد میں کنول شوز کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ کا کہنا تھا کہ 190 ملین پاؤنڈ کو بنیاد بنا کر حکومت کی جانب سے بڑی یلغار ہوئی، حقیقت پہلے بھی واضح تھی، اب بھی کھل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

حکومت عوام کیلئے رحمت کی بجائے زحمت بن چکی: مفتاح اسماعیل

سندھ کو وفاق سے ملنے والے اربوں روپے کہاں جاتے ہیں؟

لاڑکانہ: (آئی پی ایس) سابق وزیر خزانہ اور سیکرٹری جنرل عوام پاکستان پارٹی مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ حکومت عوام کے لیے رحمت کی بجائے زحمت بن چکی ہے۔ لاڑکانہ پریس کلب میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مفتاح اسماعیل کا کہنا تھا کہ ملک میں چالیس فیصد عوام غربت کی لکیر سے نیچے کی زندگی بسر کررہے ہیں، وہ کروڑ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

مریم نواز کا پنجاب میں سڑکوں کی تعمیر و مرمت مراکز صحت بحالی کیلئے الٹی میٹم

مالی سال کے آخر تک تکمیل کا حکم

وزیراعلیٰ تعمیر و بحالی کے بعد بنیادی مراکز صحت اور دیہی مراکز صحت کا خود معائنہ اور افتتاح کریں گی، پی اینڈ ڈی کو اضافی وسائل پیدا کرنے کا ہدف

روڈ بحالی پروگرام کے تحت 462 پراجیکٹس کی منظوری، 455 پر کام شروع، روڈ بحالی پروگرام کے تحت تعمیر و بحالی کا 25 فیصد سے زائد کام مکمل

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کے روڈز کی تعمیر و مرمت مالی سال کے آخر تک مکمل کرنے اور تمام مراکز صحت کی تعمیر و بحالی کا پہلا فیز 30 جون تک مکمل کرنے کا حکم دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف تعمیر و بحالی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

ٹل پاراچنار مین شاہراہ ہر قسم کی آمدورفت کیلئے بند رہی

پاراچنار (این این آئی) ٹل پاراچنار مین شاہراہ ہر قسم کی آمدورفت کیلئے بند رہی۔ ذرائع کے مطابق اشیائے ضروریہ نہ ملنے کی وجہ سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ذرائع کے مطابق لوئر کرم کے چار ولیج کونسل میں آپریشن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

بانی نے کہا القادر یونیورسٹی نواز خاندان کے ہتھے چڑھنے نہیں دیں گے، فیصل چودھری

بانی پی ٹی آئی نے یہ بھی کہا کہ وہ کسی دباؤ میں نہیں آئیں گے، گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی نے کہا ہے کہ پراسیکیوشن آج تک یہ ثابت نہیں کرسکی کہ ایک سو نو ے ملین پاؤنڈ کیس منی لانڈرنگ ہے۔ یہ بات اڈیالہ جیل میں ملاقات کے بعد ان کے وکیل فیصل چودھری نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ فیصل چودھری کے مطابق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

ای اوون سیٹلائٹ مختلف شعبوں میں اہم رہنمائی فراہم کرے گا، سپارکو

قدرتی وسائل کی نگرانی اور تحفظ میں مدد دے گا، اسپیس اینڈ ایٹموسفیئر ریسرچ کمیشن

م آباد (این این آئی) اسپیس اینڈ ایٹموسفیئر ریسرچ کمیشن (سپارکو) نے کہا ہے کہ ای او ون سیٹلائٹ مختلف شعبوں میں اہم رہنمائی فراہم کرے گا، قدرتی وسائل کی نگرانی اور تحفظ میں مدد دے گا، پاکستان کی زرعی ترقی کو بہتر بنانے کی صلاحیت میں اضافہ کرے گا۔ گوادر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبہ بھر میں جاری روڈز اور ہیلتھ کے ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کا جائزہ لینے کیلئے اجلاس کی صدارت کررہی ہیں۔

ضیاء الحق کا دور سب سے خوفناک تھا لاہور کے شاہی قلعے میں ٹارچر سیلز بنائے گئے

جسٹس اطہر من اللہ

ضیاء الحق کے دور میں لاہور کے شاہی قلعے میں ٹارچر سیلز بنائے گئے تھے، جہاں مختلف سیاسی نقطہ نظر رکھنے پر لوگوں کو تشدد کا نشانہ بنایا جاتا تھا

جبری گمشدگی اور قیدیوں کے حقوق سے متعلق ججمنٹ اسلام آباد ہائیکورٹ نے دی تھی، بہت سے بنیادی حقوق پر اسلام آباد ہائی کورٹ کی ججمنٹس ملیں گی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے جج جسٹس اطہر من اللہ کا کہنا ہے کہ سب سے زیادہ آمرانہ دور جنرل ضیاء کا تھا۔ لاہور میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جنرل ضیاء کے دور میں بھٹو کو بھی ہٹا دیا گیا تھا، سپریم کورٹ بھی اس میں استعمال ہوئی، کئی سال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

مریم نواز کا سڑکوں کی تعمیر و مرمت مالی سال کے آخر تک مکمل کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صوبہ بھر میں سڑکوں کی تعمیر و مرمت مالی سال کے آخر تک مکمل کرنے کا حکم دے دیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

پشاور: ڈپٹی سیکرٹری حج آپریشن ناصر عزیز خان پہلی حج تربیتی ورکشاپ سے خطاب کررہے ہیں

انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ اینڈ سائنسز پشاور میں پہلی حج تربیتی ورکشاپ

ی ورکشاپ کنونشن ہال، انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز، حیات آباد فیز 7 میں ہوئی

پشاور (نمائندہ خصوصی) پشاور میں پہلی حج تربیتی ورکشاپ آج 18 جنوری، 2025 بروز ہفتہ، کنونشن ہال، انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ سائنسز، حیات آباد فیز 7، پشاور میں منعقد ہوئی۔ وزارت مذہبی امور کے مائنر ٹریز اور ڈپٹی سیکرٹری حج آپریشن ناصر عزیز خان اور مفتی محمد الیاس، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

نیشنل پریس کلب کو اپنا گھر سمجھتا ہوں، گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان

این پی سی کے تمام عہدیداروں، افضل بٹ اور امجد صدیق کا شکر گزار ہوں، سلیم حیدر

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ امجد صدیق کی کتاب "جاپان کہانی" آج کا برنگ ایشو ہے، غریب بچے اپنے بہتر مستقبل کے خواب سجائے اپنی جمع پونجی لگا کر بیرون ممالک جاتے ہیں مگر غیر قانونی طریقے اپنانے سے اپنی جان سے ہاتھ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان، معروف صحافی و مصنف امجد صدیق کی کتاب کی تقریب رونمائی سے خطاب کررہے ہیں

پنجاب میں بلدیاتی اداروں کا قیام عمل میں لایا جائے، ہمایوں اختر

بلدیاتی اداروں کے نہ ہونے سے دیہی علاقوں میں بنیادی مسائل حل نہیں ہورہے

فیصل آباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر نے کہا ہے کہ پنجاب میں بلدیاتی اداروں کا قیام عمل میں لایا جائے۔ گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلدیاتی اداروں کے نہ ہونے سے دیہی علاقوں میں بنیادی مسائل حل نہیں ہورہے۔ ہمایوں اختر نے کہا کہ پنجاب اسمبلی فی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

میر سرفراز بگٹی کا بلوچستان میں سویٹ ہوم کے قیام کا اعلان

سویٹ ہوم کی طرز پر ایک مثالی ادارہ کوئٹہ میں بھی قائم کرنا چاہتے ہیں: سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وہ سویٹ ہوم اسلام آباد کی طرز پر ایک مثالی ادارہ کوئٹہ میں بھی قائم کرنا چاہتے ہیں۔ وزیراعلیٰ ہاؤس سے جاری ہونے والے اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے سویٹ ہوم اسلام آباد کے بچوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

لاہور: محکمہ صنعت و تجارت اور انوائرمنٹ سیکٹر سے وابستہ امریکی کمپنی کے مابین تعاون کے معاہدے پر صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین اور امریکی کمپنی کے صدر تحفظ کررہے ہیں

190 ملین پاؤنڈ کیس کے فیصلے نے PTI کی مبینہ اور دوغلے پن کو عیاں کردیا

احسن اقبال

عمران خان نے پراپرٹی ٹائیکون کے کالے دھن کو سفید بنانے میں مدد، اس کے بدلے مراعات حاصل کیں: احسن اقبال

جو شخص خود کو سیاست میں مسٹر کلین کہتا تھا وہ پاکستان کے اندر تاریخ کے سب سے بڑے سیاسی ڈاکے کا مجرم نکلا: وفاقی وزیر

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ یہی عمران خان کل تک میرے اور میری قیادت کے خلاف جلسے جلوسوں اور چوکوں میں چور ڈاکو کے نعرے لگواتا تھا جن کیسوں میں ہمیں چور اور ڈاکو کہتا تھا ان کیسوں میں ہم باعزت بری ہوئے اور نعرے لگانے والا خود 14 سال سزا کا سزاوار ٹھہرا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

پاکستان ریلوے نے مزید 620 بوگیوں کی مقامی تیاری کا آغاز کردیا

چینی سرمایہ کاری کی بدولت لاہور میں 115 فلیٹ بوگیوں کی اسمبلنگ مکمل کرلی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ریلوے نے 200 بوگیوں کی کامیاب فراہمی کے بعد مزید 620 بوگیوں کی مقامی تیاری کا آغاز کردیا ہے۔ ایس آئی ایف سی کی معاونت سے درآمدات پر انحصار کم کرنے اور براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے کاوشیں جاری ہیں۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

پوری دنیا نے پی ٹی آئی کا اصل چہرہ دیکھ لیا تم آؤٹ ہوچکے

عطا تارڑ

اپنی رشوت، ڈاکے اور کرپشن کو چھپانے کے لئے مذہب کارڈ استعمال کرنے پر انہیں شرم تک نہیں آئی، اب آپ آؤٹ ہوچکے

190 ملین پاؤنڈ ملکی تاریخ کا سب سے بڑا ڈاکہ ہے، بند لفافے کے ذریعے اربوں کی کرپشن کی گئی، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات، قومی ورثہ و ثقافت عطاءاللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پوری دنیا پی ٹی آئی کا کرپٹ چہرہ دیکھ چکی ہے، عدالتی فیصلے نے بانی چیئرمین پی ٹی آئی کے کرپٹ ہونے پر مہر ثبت کردی ہے، اب آپ آؤٹ ہوچکے ہیں، 190 ملین پاؤنڈ ملکی تاریخ کا سب سے بڑا ڈاکہ ہے، بند لفافے کے ذریعے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

مراکش میں بچائے گئے 21 پاکستانیوں کی فہرست جاری

رباط میں پاکستانی سفارتی مشن کے ذریعے متاثرہ شہریوں کو فوری امداد فراہم کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی وزارت خارجہ نے مراکش میں بچائے گئے 21 پاکستانیوں کی فہرست جاری کردی۔ ترجمان وزارت خارجہ کے مطابق وزارت خارجہ امدادی کارروائیوں کی نگرانی کر رہی ہے، رباط میں پاکستانی سفارتی مشن کے ذریعے متاثرہ شہریوں کو فوری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں لاہور سرفہرست

لاہور (این این آئی) دنیا کے آلودہ ترین شہروں کی فہرست میں لاہور پہلے نمبر پر موجود ہے، لاہور کی فضا انسانی صحت کے لیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

پشاور میں خاتون صحافی پر قاتلانہ حملہ، 2 بہنوں سمیت شدید زخمی

پشاور (این این آئی) پشاور میں بھانہ ماڑی میں خاتون صحافی قاتلانہ حملہ میں 2 بہنوں سمیت شدید زخمی ہوگئیں۔ رپورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

کراچی: میئر کراچی مرتضیٰ وہاب ڈپٹی میئر سلمان مراد کے ہمراہ میڈیا سے بات چیت کررہے ہیں۔

کرم میں فوجی آپریشن کیلئے راہ ہموار کی جارہی ہے، مولانا فضل الرحمان

اسٹیبلشمنٹ، مغربی قوتیں مدارس کیخلاف ہیں، ہمارے اسلاف نے جدوجہد، اسٹیبلشمنٹ نیا مریکی غلامی تسلیم کی

نئی ٹیکنالوجی کے خلاف نہیں لیکن انسانیت کے فائدے کی بات کریں گے، مغربی کلچر مذہبی جماعتوں کے پیچھے لگی ہوا ہے

مردان (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ قیام پاکستان سے اب تک اسٹیبلشمنٹ اور مغربی قوتیں دینی مدارس کے خلاف سرگرم ہیں، کرم میں فوجی آپریشن کے لیے راہ ہموار کی جارہی ہے۔ مردان میں جامعۃ الاسلامیہ بابوزئی میں تکمیل درس نظامی کے سلسلے میں پروقار تقریب ہوئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

کراچی میں متعدد گرڈ اسٹیشنز ٹرپ کرگئے، شہر کے بڑے حصے کی بجلی بند

کے الیکٹرک کے فیڈرز میں ٹرپنگ کی وجہ سے شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی

کراچی (این این آئی) کے الیکٹرک کے متعدد گرڈ اسٹیشنز ٹرپ کرنے سے شہر کے بڑے حصے کی بجلی بند ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق کے الیکٹرک کے فیڈرز میں ٹرپنگ کی وجہ سے شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی ہے۔ کورنگی، لیاری، کھارادر، محمود آباد، ڈیفنس، آئی آئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

عظمیٰ بخاری کا ایک ادارے کا ٹرسٹی ہونا سنگین جرم ہے

بنی گالہ کے درباری ظل تباہی کی کرپشن پر پردے ڈال کر اپنی نوکریاں بچا رہے ہیں، عظمیٰ بخاری

سر سے پاؤں تک کرپشن میں ڈوبا ہوا شخص مذہب کارڈ کھیل رہا ہے، صوبائی وزیر اطلاعات کا بیان

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ بنی گالہ کے درباری ظل تباہی کی کرپشن پر پردے ڈال کر اپنی نوکریاں بچا رہے ہیں۔ سر سے پاؤں تک کرپشن میں ڈوبا ہوا شخص مذہب کارڈ کھیل رہا ہے۔ پوری دنیا کا میڈیا بشمول امریکہ، یورپ اور بھارت بانی پی ٹی آئی کو کرپٹ میاں بیوی کے القابات سے نواز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

بزدار دور کی آڈٹ رپورٹ میں 58 فیصد انرولمنٹ بوگس ہونے کا انکشاف

بچوں کی انرولمنٹ کے اہداف پورے کئے بغیر 100 فیصد خرچ کیا گیا، دستاویزات

لاہور (این این آئی) محکمہ سکولز ایجوکیشن کی آڈٹ رپورٹ میں بزدار دور حکومت میں 58 فیصد انرولمنٹ بوگس ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ پنجاب اسمبلی میں جمع ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی پاکپتن کی آڈٹ رپورٹ میں 58 فیصد انرولمنٹ بوگس ہونا سامنے آیا ہے آڈٹ رپورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

اداریہ

آپ کی رائے

27 دہشتگرد جہنم واصل! آرمی چیف کا پیچھے نہ ہٹنے کا عزم

سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع کچھی میں دہشتگردوں کے خلاف اپریشن کے دوران شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 27 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا۔ اپریشن کے دوران متعدد ٹھکانوں بشمول اسلحہ، گولہ بارود اور دھماکہ خیز مواد کی بھاری کھیپ کو بھی تباہ کر دیا گیا۔ سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس پر مبنی اپریشن کیا، اپریشن کے دوران فوجی جوانوں نے چھپے ہوئے دہشت گردوں کے ٹھکانے کو گھیرے میں لے لیا اور شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 27 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا گیا۔ مارے گئے دہشت گرد سکیورٹی فورسز کیساتھ ساتھ معصوم شہریوں کیخلاف دہشتگردی کی متعدد کارروائیوں میں ملوث تھے اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو انتہائی مطلوب تھے۔ ضرب عضب اپریشن میں دہشت گردوں کی کمر توڑ کے رکھ دی گئی تھی۔ ان کے شمالی وزیرستان میں مضبوط ٹھکانے تھے۔ حکومتی رٹ ختم ہو چکی تھی۔ بہت سے علاقے نوگو ایریاز بن چکے تھے۔ یہ خود کو ناقابل تسخیر باور کرواتے تھے۔ حکومت نے ان کے ساتھ مذاکرات کے ذریعے معاملات طے کرنے کی کوشش کی۔ اس کا جواب سنجیدگی سے نہ دیا گیا تو ضرب عضب اپریشن کے ذریعے ان کے ٹھکانے تباہ کر دیے گئے۔ انہی علاقوں میں ان کی تربیت گاہیں اور اسلحہ ساز فیکٹریاں بھی تھیں۔ قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ تھی۔ دہشت گرد کڑے اپریشن کا مقابلہ نہ کر سکے۔ اپنے ٹھکانے چھوڑ کر بھاگے۔ انہوں نے افغانستان میں جا کے پناہ لی۔ ان میں سے کچھ پاکستان کے مختلف علاقوں میں چھپ گئے۔ روزانہ کی بنیاد پر دہشت گردی کے ہونے والے کئی واقعات مہینوں بعد ایک آدھ معمولی واقعہ تک محدود ہو گئے۔ فورسز کی طرف سے دہشت گردی کے خاتمے میں اپنا کردار ادا کر دیا گیا مگر سول حکومتوں کی طرف سے دہشت گردوں سے خالی کرائے گئے علاقوں میں ایک تو مکمل طور پر ری سٹیبلشمنٹ نہ ہو سکی دوسرے مکمل حکومتی عملداری کا بھی فقدان رہا۔

2018ء میں پی ٹی آئی کی حکومت آئی تو اس دوران ٹی ٹی پی کے لوگوں کو افغانستان سے پاکستان آنے کی اجازت دے دی گئی۔ جس سے حالات بگڑنا شروع ہوئے۔ آج بلوچستان اور خیبر پختونخواہ کے کئی علاقے پھر دہشت گردی کی لپیٹ میں آ چکے ہیں۔ ہر تیسرے روز دہشت گردی کا بڑا واقعہ ہو جاتا ہے۔ جس میں دہشت گرد تو جہنم واصل ہوتے ہی ہیں اس کے ساتھ ساتھ پاک فوج کے افسر اور جوان بھی اپنی جانیں قربان کرتے ہیں۔

کچھی میں فورسز کی طرف سے بھرپور آپریشن کیا گیا ہے۔ یہ بہترین منصوبہ بندی کے تحت کیا گیا۔ جس میں 27 دہشت گرد جہنم واصل ہوئے۔ ان میں ایک افغان جاسوس بھی شامل ہے۔ محمد خان عرف عبداللہ پکتیکا افغانستان کا رہائشی تھا۔ اس کی ہلاکت افغان ایجنسیوں کے پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث ہونے کا مزید ثبوت ہے۔ یہ افغان ایجنسی کے لیے کام کرتا تھا۔ قلعہ عبداللہ میں دہشت گردوں کو اسلحہ اور گولہ بارود سمگل کرتا تھا۔ جو مختلف علاقوں میں دہشت گردی کے لیے استعمال ہوتا تھا۔ اس طرح کے اور بھی جاسوس اور دہشت گرد پاکستان میں چھپے ہوئے ہیں۔ کئی افغان مہاجرین کے بھیس میں ہیں۔ کئی مہاجرین دہشت گردوں کی سہولت کاری بھی کرتے ہیں۔ اب افغانستان میں پہلے جیسے دگرگوں حالات نہیں ہیں لہذا بلا امتیاز و تخصیص تمام مہاجرین کو اپنے وطن واپس لوٹ جانا چاہیے۔ ان میں سے کون پُرامن شہری کے طور پر پاکستان میں موجود ہے کون دہشت گرد ہے کون دہشت گردوں کا سہولت کار ہے۔ ان کی پہچان ممکن نہیں لہذا ہر کسی کو شک کی نگاہ سے دیکھا جا سکتا ہے۔ ان کے لیے بہتر ہے کہ یہ خود ہی پاکستان چھوڑ دیں۔ کچھی میں ہونے والے آپریشن پر صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی طرف سے فورسز کو خراج تحسین پیش کیا گیا ہے۔ آئی ایس پی آر کی طرف سے کہا گیا ہے کہ قوم بہادر فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

پاک فوج کے سربراہ جنرل عاصم منیر کا کہنا ہے کہ دشمن خوف پھیلانے کی کوشش کرے گا مگر ہم پیچھے نہیں ہٹیں گے اور ملک میں امن کو خراب کرنے کی ہر کوشش کا فیصلہ کن اور بھرپور جواب دیا جائے گا۔ شیطانی قوتوں کے خلاف یکجا کھڑے ہیں' سرحدوں کے اندر اور باہر دہشت گرد تنظیموں کی اپریشنل صلاحیتوں کو کامیابی سے کم کر دیا ہے' ملک میں سرگرم اہم دہشت گرد رہنماؤں کا خاتمہ' ان کے نیٹ ورک اور انفراسٹرکچر کو تباہ کر کے یہ پیغام دیا گیا ہے کہ دہشت گردی کی ہمارے ملک میں کوئی جگہ نہیں' یہ جنگ جاری رہے گی اور ہم اسے منطقی انجام تک پہنچائیں گے۔

جنرل سید عاصم منیر پشاور کا دورہ کیا جہاں انہیں ملکی سکیورٹی صورتحال اور فتنہ الخوارج کے خلاف جاری اپریشنز پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر داخلہ اور وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا بھی موجود تھے۔

آرمی چیف کی طرف سے کہا گیا کہ دشمن اختلاف اور خوف کے بیج بونے کی کوشش کر سکتا ہے۔ دشمن عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا اور وہ مزید بھاری نقصان اٹھائیں گے۔ آرمی چیف نے ہر اپریشن کو سکیورٹی فورسز کے عزم، پیشہ ورانہ صلاحیت اور تیاری کا ثبوت قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاک فوج کے جوان مادر وطن کی خودمختاری کے تحفظ کے لیے پرعزم ہیں اور پاک فوج وقانون نافذ کرنے والے ادارے ایک ناقابل شکست قوت کے طور پر متحد ہیں۔

سیاست میں اختلافات ہوتے رہتے ہیں مگر قومی سلامتی خودمختاری کے تحفظ اور دہشت گردوں کی بیخ کنی کے لیے پوری قوم یک جان، یک جا اور یکتا ہے۔ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پاکستان کے پاس قومی اتحاد سب سے بڑا ہتھیار ہے۔ پاکستان میں امن کے قیام کے لیے پاک فورسز کے سپوت اپنی جانیں قربان کر رہے ہیں۔ جس کا قوم کو ادراک ہے۔ اپنی جانوں کو قوم کے پرامن اور تابناک مستقبل کیلئے قربان کرنے والے سپوتوں کی قوم معترف، ممنون، شکرگزار اور احسان مند ہے۔

جمیل اطہر

اور اس کا پس منظر یہ ہے کہ وہاں جماعت اسلامی سے متاثر نوجوانوں نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ وہ شادی بیاہ کی ایسی تقریبات میں جہاں مہمانوں کی بہت زیادہ تعداد مدعو ہوتی ہے اور جہاں مہمانوں کی تواضع انواع واقسام کے بیش قیمت کشمیری کھانوں سے کی جاتی ہے، وہ پکنک کریں گے، مہمانوں کو شادی والے گھر میں داخل نہیں ہونے دیں گے، ان کا خیال تھا کہ ایک غلام قوم کو اس قسم کے اسراف کا کوئی حق نہیں، میں نے یہ کہانی سنانے کے بعد کلیم صاحب سے عرض کیا کہ میں بھی ایک ایسی تحریک کی بنیاد رکھنا چاہتا ہوں اور خواہ یہ کام کتنے ہی محدود پیمانہ پر ہو لیکن میں اس کی ابتدا کرنے کی آرزو رکھتا ہوں، ہمارے معاشرے میں بھی شادی بیاہ پر نمود ونمائش قوم کو ایک غیر محسوس تباہی اور بربادی کی طرف لے جا رہا ہے، کلیم صاحب نے اس سوچ کی بھرپور تائید کی اور کہا "واہ واہ، اس جدوجہد کا بلا تاخیر آغاز ہونا چاہئے"۔

اسلام آباد سے واپس لاہور پہنچ کر میں نے اپنی اہلیہ محترمہ (اب مرحومہ) سے کہا کہ میں نے فیصلہ کیا ہے کہ اپنے بیٹوں کی شادی کے موقع پر کوئی جہیز نہیں لوں گا۔ بیٹیوں کی شادی کے معاملے میں تو حالات کے جبر کا مقابلہ کرنا مشکل ہے مگر بیٹوں کی شادیوں میں ہم اس طرز عمل سے کام لے کر دوسروں کے لئے ایک اچھی مثال قائم کر سکتے ہیں، یہ باتیں سن کر میری اہلیہ جو لیٹی ہوئی تھی اٹھ کر بیٹھ گئیں اور اگرچہ بیٹوں کی شادیاں کافی عرصہ بعد ہونا تھیں مگر انہوں نے میری باتوں سے یہ سمجھ کر کہ شاید میں یہ شادیاں اگلے چند دنوں میں کرنے والا ہوں دوٹوک الفاظ میں کہہ دیا "ایسا نہیں ہوگا، ایسا نہیں ہو سکتا، جب ہمیں اپنی بیٹیوں کو جہیز دینا ہے تو ہم بیٹوں کے لئے جہیز لینے سے انکار کیوں کریں"۔ میں نے اگلی صبح کلیم صاحب کو یہ واقعہ سنایا اور انہیں اس خطرے سے آگاہ کیا جو ہماری مجوزہ تحریک کو گھر کے اندر سے پیش آنے والا تھا۔

یہ داخلی خطرہ تو صرف فوری ردعمل تک ہی محدود رہا مگر ہمارے اپنے قدم اس مثبت جدوجہد میں پوری طرح جم نہ سکے تھے کہ میری بیٹی نورین کی شادی کا مرحلہ آ گیا۔ اس کے سسر قاضی غیاث الدین جانباز اس وقت پاکستان پیپلز پارٹی کی سنٹرل کمیٹی کے رکن تھے اور یہ بے نظیر بھٹو کی وزارت عظمیٰ کا پہلا دور تھا، مہمانوں کی فہرست تیار کی گئی اور پھر جانباز صاحب سے بارات کے مہمانوں کی تعداد پوچھی گئی، ابتدائی فہرست دو سو سے بڑھ کر آٹھ سو تک پہنچ گئی اور مہمانوں کی تعداد اس سے بھی بڑھ جانے کے امکان کے باعث ایک ہزار مہمانوں کی خاطر مدارات کا اہتمام کیا گیا۔ کلیم عثمانی اس شادی میں شمولیت کے لئے میرے گھر کے قریب واقع سکول میں تشریف لائے اور جب کھانے کا مرحلہ آیا تو وہ کھانے کی میز کے قریب نہیں جا رہے تھے اور ان کے موڈ سے ان کی خفگی اور برہمی کا صاف اظہار ہو رہا تھا۔ میں بار بار ان سے التجا کر رہا تھا اور وہ تھے کہ کھانا کھانے کو تیار نہ تھے میری درخواست پر انہوں نے بمشکل چند نوالے لئے اور چل دیئے، دو روز بعد دفتر میں جب میری ان سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے قدرے غصہ سے کہا "کہاں گئی آپ کی وہ تحریک جمیل صاحب"۔ میں نے دونوں ہاتھ باندھ کر کلیم صاحب سے عرض کیا "کلیم صاحب یہ اکیلے کسی شخص کے بس کا روگ نہیں، میں بہت شرمندہ ہوں، آپ مجھے معاف فرما دیں" کلیم صاحب خاموش ہو گئے اور انہوں نے یہ بات وہیں پر چھوڑ دی، کچھ عرصہ بعد کلیم عثمانی صاحب کی بیٹی نگہت اور بیٹے ہارون کلیم کی شادی کے مواقع آئے، کلیم صاحب بھی اس معاملے میں کسی سے کم نہ تھے اور ان شادیوں میں وہ آگے آگے تھے اور میں پیچھے پیچھے، میں نے کہا تو کچھ نہیں مگر کلیم صاحب اس سب کچھ سے اچھی طرح آگاہ تھے جو میں انہیں کہنا چاہتا تھا اور کہہ نہیں پا رہا تھا اور کہہ نہیں سکتا تھا۔ حقیقت یہی ہے کہ ہماری فکر اور سوچ تو آسمان کی رفعتوں تک پہنچتی ہے مگر سماج کی روایات کی زنجیروں نے ہمیں بری طرح جکڑ رکھا ہے۔ اکتوبر 99ء میں جب میری بیٹی فرحین کی شادی ہوئی تو میرے تمام قریبی دوست اس میں شریک ہوئے سوائے جناب کلیم عثمانی کے، اگرچہ اس وقت شادیوں میں کھانے کی پابندی پر سختی سے عمل کیا جا رہا تھا مگر کلیم صاحب کو یہ گوارا نہ تھا کہ ان کی آنکھیں اسراف اور نمود ونمائش کا ایک اور تکلیف دہ منظر دیکھنے کی گناہگار ہوں۔

جناب ریاض الرحمن ساغر کے اشعار بھی شائع کئے جا رہے ہیں جو بدھ کی صبح "نوائے وقت" میں شائع ہوئے ہیں، ساغر نے چند اشعار کے ذریعے کلیم عثمانی کی زندگی کی پوری تصویر کھینچ دی ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ شعر کی زبان میں جتنا ابلاغ ہے، نثر میں نہیں، میں کسی انکسار سے کام نہیں لے رہا، میری نثر تو کلیم عثمانی کو خراج عقیدت پیش کرنے میں بالکل عاجز ہے۔

ریاض الرحمن ساغر کے خوبصورت اشعار پڑھ کر میں نے یہی محسوس کیا ہے۔

زیر لب موت کو گنگنا تا رہا
شعر کو بہار رنگ کھلا تا رہا
ہم اپنے خود میں گم اور وہ رات دن
گلے اپنی خودی کو لگا تا رہا
ریڈیو ٹیلی ویژن نے لی نہ خبر
صرف اس کے ترانے سنا تا رہا
ایک دن فون پر بات کرتے ہوئے
اپنی بیماریوں کو چھپا تا رہا
میں نے سوچا تو جاؤں گا ملنے کبھی
میں نہ جا پایا تو وہ تو جا تا رہا
چھتی دوپہر میں شاعری اوڑھ کر
ہسپتالوں کے بستر سجا تا رہا
ایک درویش ہی زندگی بن گیا
وہ جو حرفوں کے موتی لٹا تا رہا
حال اس کا نہ پوچھا کسی شاعر نے
وقت اس پر ستم آزما تا رہا
درد چپ چاپ سہنے کا عادی تھا وہ
اپنے کندھے پہ پھولی اٹھا تا رہا
ساغر اب لوٹ کر وہ کہاں آئے گا
جو دیئے اپنے خوں سے جلا تا رہا
(3)

کراچی سے بزرگ صحافی جناب مقبول جلیس 25 اگست کے اپنے خط میں جو جناب کلیم عثمانی کی رحلت کے سانحہ کے ساتھ ہی موصول ہوا ہے لکھتے ہیں۔

محترم جمیل اطہر! السلام علیکم

خداوند کریم آپ کا حامی وناصر رہے۔ صحت وخوش حالی سے نوازتا رہے اپنے دیرینہ دوست حضرت کلیم عثمانی کی علالت کا پڑھ کر بہت رنجیدہ ہوں حالات اجازت دیتے تو ان کی عیادت کے لئے لاہور آ جاتا، بس دعا ہی کر سکتا ہوں۔ وہ رحیم وکریم ہے ضرور رحم کرے گا میری جانب سے ان کی خدمت میں سلام پہنچا دیجئے گا۔

محترم! جو حالات ملک اور سب کے ہیں سو اس میں ہم بھی ہیں پشتو زبان کی ایک کہاوت ہے کہ میں تو تمہارے پاس رونے کے لئے آیا تھا مگر تمہاری آنکھیں تو پہلے ہی سرخ ہیں، یہی کیفیت سب کی ہے۔ آپ سے باتیں کرنے کو میں بے اختیار چاہ رہا تھا لہذا حاضر ہو گیا۔

دعاؤں کا طالب مقبول جلیس

(جاری ہے)

کلیم عثمانی (3)

جمی کارٹر کی انسان دوستی

قیوم نظامی

سابق امریکی صدر جمی کارٹر اپنی قومی اور انسانی خدمات کے لیے عالمی سطح پر معروف ہیں۔ انہوں نے اپنے عہد صدارت اور اس کے بعد کئی میدانوں میں نمایاں خدمات انجام دیں۔ ان کی قومی اور انسانی خدمات میں امن کے فروغ میں کردار سرفہرست ہے۔ جمی کارٹر نے اسرائیل اور مصر کے درمیان کیمپ ڈیوڈ معاہدے (1978ء) میں ثالثی کی، جو مشرق وسطیٰ میں امن کے قیام کے لیے ایک اہم اقدام تھا۔ جسے دنیا کی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے انسانی حقوق کو اپنی خارجہ پالیسی کا بنیادی ستون بنایا اور دنیا بھر میں آمریت کے خلاف جدوجہد کی، کارٹر انسانی حقوق کے محافظ کے طور پر جانے جاتے ہیں۔ انہوں نے دنیا بھر میں جمہوریت، آزاد انتخابات، اور شہری آزادیوں کے فروغ کے لیے کام کیا۔ دنیا بھر میں جن انسانوں کے انسانی حقوق غصب کیے جاتے تھے جمی کارٹر ان کے بارے میں بڑے رحم دل تھے اور پرجوش طور پر ان کی مدد کرتے تھے۔ ان کے قائم کردہ کارٹر سینٹر (Carter Center) نے انسانی حقوق کی نگرانی، بیماریوں کے خاتمے، اور غربت کے خلاف جدوجہد میں نمایاں کردار ادا کیا۔ کارٹر نے مفلس اور غریب انسانوں کے دکھ دور کرنے کے لیے پرخلوص جدوجہد کی اور ان کی مکمل کرمالی مدد کی تاکہ وہ باعزت اور باوقار زندگی گزار سکیں۔ کارٹر نے جس جوش جذبے اور عزم کے ساتھ انسانیت کی خدمت کی مخلوق خدا سے محبت کا اظہار کیا اس پر یہ شعر صادق آتا ہے۔

خدا کے بندے تو ہیں ہزاروں بنوں میں پھرتے ہیں مارے مارے
میں اس کا بندہ بنوں گا جس کو خدا کے بندوں سے پیار ہوگا

جمی کارٹر نے 100 سال کی زندگی پائی اور زندگی کے آخری سانس تک وہ انسانیت کی خدمت کرتے رہے اس لیے ان کو امریکہ کا بہترین صدر شمار کیا جاتا ہے۔ انہوں نے ترقی پذیر ممالک میں صحت کے مسائل جیسے کہ گنی کیڑے کی بیماری اور دیگر بیماریوں کے خاتمے کے لیے کام کیا۔ ان کی کوششوں کی وجہ سے گنی کیڑے کی بیماری تقریباً ختم ہو چکی ہے کارٹر سنٹر نے دنیا کے 100 سے زیادہ ممالک میں انتخابات کی نگرانی کی تاکہ جمہوری عمل کو شفاف اور منصفانہ بنایا جا سکے۔ دنیا کے مختلف ممالک میں انتخابات کی نگرانی کرنے کے لیے عالمی مبصرین روانہ کیے گئے تاکہ ان ملکوں میں صاف اور شفاف انتخابات کو یقینی بنایا جا سکے۔ جمی کارٹر نے دنیا کے مختلف ممالک میں جمہوریت کو مضبوط اور مستحکم بنانے کے لیے شاندار اور یادگار کردار ادا کیا۔ انہوں نے کئی ممالک میں عوام کے حقوق کی حمایت کرتے ہوئے آمرانہ حکومتوں کو چیلنج کیا۔

جمی کارٹر اور ان کی اہلیہ روزلین کارٹر نے تنظیم Habitat for Humanity کے ساتھ مل کر بے گھر افراد کے لیے رہائش کے منصوبوں میں حصہ لیا اور ہزاروں چھوٹے گھر تعمیر کیے۔ انہوں نے ذاتی طور پر مکانات کی تعمیر میں شرکت کی، جو ان کی عاجزی اور انسانیت کی خدمت کا ثبوت ہے۔ اپنے دور صدارت میں انہوں نے توانائی کے تحفظ اور ماحول دوست پالیسیوں کے نفاذ پر زور دیا۔ وہ ماحولیات کے لیے عالمی سطح پر شعور اجاگر کرنے میں سرگرم رہے جمی کارٹر کو 2002ء میں نوبل امن انعام سے نوازا گیا، جو امن کے فروغ، انسانی حقوق کے تحفظ، اور سماجی مسائل کے حل میں انکی خدمات کا اعتراف تھا۔ جمی کارٹر نے کئی کتابیں لکھیں جن میں امن، انسانی حقوق، اور عالمی سیاست پر روشنی ڈالی گئی۔ ان کی تصانیف نے دنیا بھر میں لوگوں کو متاثر کیا۔

جمی کارٹر کی خدمات ان کی صدارت تک محدود نہیں تھیں بلکہ وہ اپنی زندگی کے ہر دور میں انسانی خدمت کے لیے سرگرم رہے۔ وہ ایک مثالی رہنما، انسان دوست، اور امن کے سفیر کے طور پر یاد کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے کیمپ ڈیوڈ کے بعد مشرق وسطیٰ کے تعلقات کو مستحکم اور مضبوط بنایا۔ انہوں نے دوٹوک اعلان کیا کہ دنیا کے چھوٹے ملکوں کے ساتھ آبرومندانہ سلوک کیا جائے گا۔ جمی کارٹر نے امریکہ کے سیاہ فام باشندوں کے انسانی حقوق پر خصوصی توجہ دی۔ انہوں نے اپنے ایک خطاب میں کہا کہ امریکہ ایک آزاد ملک ہے ہم آزادی کی قدر و قیمت جانتے ہیں اس لیے ہم چاہتے ہیں کہ دنیا کے تمام ملک صحیح معنوں میں آزاد ہوں۔ انہوں نے امریکہ کے صدر کی حیثیت سے ایک حکم نامہ جاری کیا کہ جن ملکوں میں انسانی حقوق کے بارے میں ریکارڈ شاندار ہوگا ان ملکوں کی مالی امداد کی جائے گی۔ انسانی حقوق کے حوالے سے جمی کارٹر کو انسانی حقوق کا چیمپئن قرار دیا جا سکتا ہے۔

جمی کارٹر امریکہ کے پہلے صدر تھے جنہوں نے جنوبی افریقہ میں سیاہ فام شہریوں کے خلاف نسلی تعصب کی شدید مذمت کی۔ جمی کارٹر نے دنیا کے مختلف ممالک سے امریکہ آنے والے مہاجرین کا کھلے دل اور کھلی بانہوں کے ساتھ استقبال کیا اور ان کے دور میں 12 لاکھ سات ہزار مہاجرین کو امریکہ میں رہائش کا اختیار دیا گیا اور ان کے قیام وطعام کا مناسب انتظام کیا گیا۔ کاش پاکستان میں بھی نیلسن منڈیلا، لیکوان یو، مہاتیر محمد، جمی کارٹر اور منموہن سنگھ جیسے عوام سے محبت کرنے والے لیڈر ہوتے تو آج پاکستان بھی دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں شامل ہو چکا ہوتا۔ قائداعظم ہمارے محسن اور پاکستان کے بانی تھے انہوں نے سب کچھ پاکستان پر نثار کر دیا اور مسلمانوں کو ایک آزاد وطن لے کر دیا۔ اگر قائداعظم کی رحلت کے بعد پاکستان کے عوام کو قائداعظم جیسا ایک اور لیڈر میسر آتا تو آج پاکستان کے حالات ہر حوالے سے مختلف ہوتے اور پاکستان دنیا کا ایک عظیم ملک بن چکا ہوتا۔ پاکستان میں محب وطن اور عوام دوست شخصیات کی کمی نہیں ہے مگر افسوس کی بات یہ ہے کہ پاکستان مافیاز کے ہاتھوں میں یرغمال بن چکا ہے۔ جو لوگ پاکستان کی پرخلوص خدمت کرنا چاہتے ہیں ان کو مواقع ہی نہیں دیے جاتے۔ ان مشکلات کے باوجود پاکستان کے عظیم لوگ جیسے کہ عبدالستار ایدھی مرحوم کی طرح پاکستان کے مختلف شعبوں میں خدمات انجام دے رہے ہیں جن کی وجہ سے آج پاکستان قائم اور دائم ہے۔ پاکستان کے نوجوان اگر غریب سیاست کی بجائے رفاہی اور فلاحی کاموں کی جانب آ جائیں تو پاکستان چند سالوں میں اندرونی استحکام حاصل کر سکتا ہے اور ترقی وخوشحالی کی شاہراہ پر گامزن ہو سکتا ہے۔ انتہائی افسوس کی بات ہے کہ پاکستان کے نوجوان ماضی کے بدقسمت بدنصیب اور مکروفن پر مبنی تجربات اور مشاہدات کو دیکھ کر بھی سبق حاصل کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں اور نہ ہی وہ اپنی سوچ تبدیل کرنے پر آمادہ نظر آتے ہیں۔

جنرل غلام مصطفیٰ اور قومی دفاعی کمان

اسداللہ غالب

یہ اکتوبر 99ء کی بات ہے، دوپہر ڈھل رہی تھی، مجھے اسلام آباد سے جاوید چودھری صاحب کا فون آیا، وہ نوجوان تھے مگر انتہائی پاپولر کالم نگار، ان کا مطالعہ بے حد وسیع ہے اور انہوں نے اپنے دل ودماغ کی آنکھوں سے دنیا کا مشاہدہ کیا تھا جس کی وجہ سے ان کے کالم کو غیر معمولی مقبولیت حاصل ہوئی۔ ان کے بارے میں کہا جا سکتا ہے کہ وہ آیا اور چھا گیا۔ انہوں نے ایم اے صحافت فرسٹ کلاس فرسٹ اعزاز کے ساتھ مکمل کیا تو سیدھے نوائے وقت لاہور چلے آئے۔ وقت کے ساتھ وہ صحافت کے بام عروج پر پہنچ چکے۔ وہ ابن انشاء اور منو بھائی کے شانہ بشانہ کھڑے نظر آتے۔ ان کے فون کی گھنٹی بجی تو میں ایک لمحے کے لیے ٹھٹک گیا کیونکہ اسلام آباد سے کوئی فون آئے تو وہ خیریت کا نہیں ہوتا تھا۔ چند ماہ قبل محترم ملیحہ لودھی نے بھی مجھے تقریباً اسی وقت ہی فون کیا تھا، وہ کہہ رہی تھیں غالب صاحب! آرٹیکل سکس کا سامنا کرنے کے لیے تیاری کر لیں، غداری کا مقدمہ آپ پر بن گیا ہے۔ پچھلا پورا سال ہم نے اسی خوف میں گزارا، اب تلوار آپ کے سر پر لٹک رہی ہے۔ میں نے ہنس کر انھیں یہی کہا کہ اگر تلوار نیام سے باہر آ ہی گئی ہے تو اب میں اس کو نیام میں واپس کیسے ڈالوں۔ جس کسی نے تلوار چلانی ہے، اپنا شوق پورا کر لے۔ میں اسی اندیشے میں مبتلا تھا کہ جاوید چودھری صاحب بولے کہ آج کل جی ایچ کیو میں ہر کسی نے اخبار بغل میں دبایا ہوتا ہے، وہ ایک دوسرے کو کہہ رہے ہوتے ہیں کہ آج کے اخبار میں اسداللہ غالب کا کالم پڑھو۔ انھوں نے کور کمانڈر راولپنڈی، آئی ایس آئی کے سربراہ اور دیگر اعلیٰ جنرلوں کے نام لیے تو میں اس خوف میں مبتلا ہو گیا کہ شاید کسی کی توہین ہو گئی ہو مجھ سے لیکن جاوید چودھری صاحب نے بڑی حوصلہ افزا بات کی کہ بھائی ہر جرنیل تو آپ کے کالم کا فریفتہ ہے۔ میں نے کہا اچھا، آپ کے فون کا شکریہ، اب میں ان فوجی جرنیلوں پر کالم لکھنا بند کر دیتا ہوں کیونکہ میرے ذہن میں کچھ تکبر اور غرور سا آ گیا ہے۔ مجھے فوجی جرنیلوں سے ملاقات کا ہمیشہ شوق رہا ہے۔ جنرل بختیار رانا پاکستانی فوج کے سب سے پرانے جرنیل ہیں، میں ان کے لاہور کینٹ میں واقع گھر میں جا کر ملاقاتیں کرتا رہا۔ وہیں قریب ہی جنرل کے ایم اظہر کا بھی گھر تھا، انہیں بھی ملا کرتا تھا۔ بعد میں شامی روڈ پر ڈھاکہ میں ہتھیار ڈالنے والے جنرل عبداللہ خان نیازی نے نیا گھر بنایا، میں ان کے ہاں بھی جاتا رہا۔ ان دنوں میرے پاس ہونڈا 175 موٹر سائیکل تھی، میں اس پر بٹھا کر جنرل نیازی کو لاہور کی سڑکوں پہ گھمایا کرتا تھا۔ ستمبر 65ء کی جنگ میں محافظ لاہور کے نام سے موسوم ہونے والے جنرل سرفراز خان لاہور نہر کے کنارے اپنے گھر میں مقیم تھے، ان سے اکثر ملاقاتیں ہوئی، ان کی بیگم صاحبہ بھی ہمارے ساتھ چائے میں شریک ہوتی تھیں۔ 71ء کی جنگ کے مغربی محاذ کے ہیرو جنرل عبدالمجید ملک سے میری ملاقات جنگ بندی کے فوراً بعد میرے ہی گاؤں کے قریب گنڈا سنگھ والا ہائی سکول کے گراؤنڈ میں ہوئی، یہاں وہ اپنے فوجی یونٹوں سے ملاقات کے لیے گئے ہوئے تھے اور ایک دبلا پتلا میلہ لگا ہوا تھا۔ جنرل ضیاء الحق سے بھی ایک آدھ ملاقات ہوئی مگر جنرل پرویز مشرف سے کافی ملاقاتیں رہیں، آخری ملاقات تو 20 منٹ کے لیے طے تھی مگر وہ ایک گھنٹہ 20 منٹ تک میٹنگ میں ہو گئی، میں بول رہا تھا جنرل پرویز مشرف کا منہ کھلا ہوا تھا، وہ کوئی جواب نہیں دے پا رہے تھے۔ اگر میں کسی آرمی چیف کے بہت قریب رہا ہوں تو وہ جنرل اسلم بیگ ہیں، دوران ملازمت بھی ان سے ملاقاتیں رہیں، جب وہ ریٹائر ہوئے تو وہ شملہ پہاڑی کے قریب پریس کلب کے سامنے ایک ہوٹل میں ٹھہرے تو اور مجھے فون کر کے بلا لیتے اور طویل گفتگو میں مشغول ہو جاتے۔

ایک زمانے میں لاہور کے دسویں ڈویژن کے کمانڈر جنرل محمد جاوید تھے، جو میرے روین فیلو تھے، میں راولپنڈی میگزین کا ایڈیٹر تھا، میرے ساتھ وہ اسسٹنٹ ایڈیٹر بھی رہے مگر دوران ملازمت ان سے ملاقات نہیں ہوئی، وہ آئی ایس پی آر کے افسروں سے پوچھتے ضرور تھے کہ غالب صاحب کہاں ہیں، ٹھیک ہیں مگر شاید حاضر سروس جرنیلوں کو صحافیوں سے ملاقات کی اجازت نہیں ہوتی۔ بہرحال بعد میں وہ واہ آرڈیننس فیکٹری اور کراچی سٹیل ملز کے دو مرتبہ سربراہ بنے۔ جنرل ایم ایچ انصاری، جنرل حمید گل، جنرل نصیر اختر، جنرل مصطفیٰ کوثر، جنرل خالد مقبول، جنرل غلام جیلانی اور جنرل احتشام ضمیر سے بھی ملاقاتیں رہیں۔ آئی ایس پی آر کے سربراہ میجر جنرل راشد قریشی اور بعد میں لیفٹیننٹ جنرل عاصم سلیم باجوہ سے بھی بہت قربت قائم ہوئی مگر جن سے میرے تعلقات زیادہ دیرے سے چلتے آ رہے ہیں اور ان میں کبھی زیر و بم نہیں آیا، وہ جنرل غلام مصطفیٰ ہیں، ان سے تعارف کیولری گراؤنڈ میں جنرل ضیاء الحق کے صاحبزادے اعجاز الحق کے پاس ہوا جہاں انھوں نے ضیا فاؤنڈیشن کا دفتر بنایا ہوا تھا۔ اسی دفتر میں ایک فلاحی تنظیم کا بھی ہیڈ آفس تھا جسے ڈسکہ کے چودھری ذوالفقار صاحب چلا رہے تھے، میں نے ان سے پوچھا کہ آپ کی تنظیم کا سربراہ کون ہے تو انھوں نے کہا جنرل غلام مصطفیٰ ہیں۔ یہ نام میں نے پہلی مرتبہ ان سے سنا تھا، میں نے مزید پوچھا کہ وہ فوج میں کہاں کہاں تعینات رہے تو انھوں نے بتایا کہ ان کی آخری تقرری منگلا سٹرائیک کور میں بطور کمانڈر تھی۔

اب جنرل غلام مصطفیٰ سے میری ملاقاتیں تقریباً روز ہونے لگیں، میں ان کے دفاعی تجزیے سن کر ششدر رہ جاتا اور دانتوں میں انگلیاں دبا دیتا۔

دانش کدہ کے ایک مکیں سے ملاقات

طارق امین

حیدر علی آتش کا شعر ہے:

بہت شور سنتے تھے پہلو میں دل کا
جو چیرا تو اک قطرہ خوں نہ نکلا

جس دن آٹھ فروری 2024ء سے پاکستان میں جنرل الیکشن ہوئے اسکے اگلے ہی روز کہ ابھی ووٹرز کے انگوٹھوں پر لگی سیاہی بھی خشک نہیں ہوئی تھی فارم 45 اور فارم 47 کے رولوں نے ان الیکشنوں کے چہروں پر ایسی کالک مل دی کہ وہ دن اور آج کا دن مجھ جیسے بیسیوں طالبعلم جو پاکستان کے کلچر اور اسکی سیاست کو سمجھنے کے مراحل سے ابھی گزر رہے ہیں، اس سوچ میں پڑ گئے کہ یہ حقیقت تو اپنی جگہ موجود ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں وہ کونسا الیکشن ہے جو انجنئرڈ نہیں تھا، چاہے ایوب دور کے وہ الیکشنز ہوں جب مادر ملت فاطمہ جناح کو عبرتناک شکست سے دوچار کیا گیا یا 2018ء کے وہ الیکشن جن میں آر ٹی ایس کا بھٹہ بٹھا کر عمران خان کی حکومت قائم کرنے کی راہ ہموار کی گئی لیکن کیا 2024ء میں فارم 45 اور فارم 47 والے ٹول کا استعمال اس ملک میں پہلی بار ہوا، یہ وہ سوال ہے جو ہمارے اس کالم کا موضوع ہو گا۔ خاکسار کی ہمیشہ کوشش ہوتی ہے کہ جب بھی وہ کسی موضوع پر قلم آرائی کرے تو اس سباق وہ ٹھوس شواہد کے بغیر بات نہ کرے جس کیلئے راقم کو خاصا ریسرچ ورک کرنا پڑتا ہے لیکن اس کالم کے لکھنے کیلئے اللہ نے میری نجی مدد کی۔ پچھلے ہفتے سابق چی

تبصیہ 1

احمد کریم وڑائچ کو ایڈیشنل فارن سیکرٹری ایڈمن تعینات کر دیا گیا، احمد کریم وڑائچ ایڈیشنل سیکرٹری افغانستان تعینات تھے۔ سید علی اسد گیلانی کو ایڈیشنل فارن سیکرٹری برائے افغانستان تعینات کر دیا گیا، سید علی اسد گیلانی ڈائریکٹر جنرل پرسونیل تعینات تھے۔ ڈاکٹر فریحہ گبلی کو ڈائریکٹر جنرل پرسونیل تعینات کر دیا گیا، ڈاکٹر فریحہ گبلی امریکا میں ڈپٹی سفیر خدمات سرانجام دے کر واپس آئی ہیں۔ ڈائریکٹر فارن سیکرٹری عباس قریشی تربیتی کورس پر جا رہے ہیں، حافظ آفاق احمد کو ڈائریکٹر فارن سیکرٹری تعینات کر دیا گیا، حافظ آفاق متحدہ عرب امارات میں ڈپٹی سفیر خدمات دے کر واپس آئے ہیں۔ سلیوک مستنصر تارڑ اب انڈونیشیا نہیں جا رہے، سلیوک تارڑ انسداد کیمیائی ہتھیاروں کی عالمی تنظیم (OPCW) جوائن کر رہے ہیں۔ زاہد حفیظ چوہدری کو انڈونیشیا میں سفیر بھیجا جا رہا ہے، نجیب درانی کو آکر اگھانا میں سفیر بھیجا جا رہا ہے جبکہ معظم شاہ کو جنوبی کوریا میں سفیر بھیجا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ عبدالحمید بھٹہ جاپان کیلئے سفیر پاکستان ہوں گے، جاپان میں موجودہ سفیر بشیر تارڑ جلد سبکدوش ہو جائیں گے جبکہ نیدرلینڈز میں حیدر شاہ سفیر پاکستان ہوں گے، حیدر شاہ اس وقت ایڈیشنل فارن سیکرٹری یو این ہیں۔

تبصیہ 2

سرحد سے دراندازی کی کوشش کی جس کی اطلاع ملتے ہی سیکورٹی فورسز نے ڈرب کے علاقہ سمبازہ سے دراندازی کی کوشش ناکام بنا دی، سیکورٹی فورسز نے ڈرب میں پاک افغان سرحد کے قریب کامیاب کارروائی کرتے ہوئے دراندازی کی کوشش کرنے والے 5 خارجی دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ سیکورٹی فورسز کی موثر کارروائی کے نتیجے میں خوارج کی اس دراندازی کو ناکام بنایا گیا، پاکستان عبوری افغان حکومت سے مسلسل کہتا آ رہا ہے کہ وہ سرحد کے اطراف موثر بارڈر مینجمنٹ کو یقینی بنائے، توقع ہے عبوری افغان حکومت اپنی ذمہ داریاں پوری کرے گی، افغان حکومت خوارج کو پاکستان کے خلاف دہشت گردی کی کارروائیوں کے لیے اپنی سرزمین استعمال کرنے سے روکے، پاکستان کی سیکورٹی فورسز اپنی سرحدوں کو محفوظ بنانے اور دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔

تبصیہ 3

کے تھانہ کینٹ کی حدود باران پل کے قریب پولیس موبائل دھماکے سے متاثر ہوئی، یہ آئی ای ڈی بم دھماکا تھا، دھماکے میں کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی، تاہم پولیس موبائل کو جزوی نقصان پہنچا ہے۔ حکام کے مطابق پولیس کی گاڑی معمول کے گشت پر تھی کہ اس دوران دھماکے کا نشانہ بن گئی، کسی جانی نقصان کی اطلاع نہیں ملی، تاہم پولیس موبائل کو جزوی نقصان پہنچا، دھماکے کی اطلاع ملنے پر جائے وقوع پر پولیس کی نفری پہنچ گئی۔ خوں میں پولیس کی گاڑی دھماکے کی زد میں آنے کے بعد فورسز نے قریبی علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کر دیا، حکام نے واقعے کی تحقیقات کا آغاز بھی کر دیا ہے۔ یاد رہے کہ 3 دن قبل ضلع ہنوں میں خارجی دہشت گردوں نے سیکیورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر حملہ کر کے 12 جوانوں کو شہید کر دیا تھا۔

تبصیہ 4

پر شروع ہوا۔ عرب میڈیا کے مطابق حماس نے قیدیوں کی فہرست اسرائیل کو فراہم کر دی، اسرائیلی حکام کی جانب سے قیدیوں کی فہرست موصول ہونے کی تصدیق کر دی گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق معاہدے کے تحت غزہ کے مقامی وقت کے مطابق شام 4 بجے یرغمالیوں کا تبادلہ ہوگا، جنگ بندی 6 گھنٹوں کے لئے ہوگی، معاہدے کے تحت جنگ بندی کے پہلے دن 3 قیدی رہا ہوں گے، اسرائیل 95 فلسطینی قیدیوں کو رہا کرے گا۔ حماس کے ترجمان نے اپنے بیان میں کہا کہ تکنیکی پیچیدگیوں اور مسلسل اسرائیلی بمباری کے باعث فہرست کی فراہمی میں تاخیر ہوئی، بمباری جنگ بندی معاہدے میں مشکلات پیدا کر سکتی ہے۔ دوسری جانب جنگ بندی معاہدے کے باوجود اسرائیل کی غزہ پر وحشیانہ بمباری کا سلسلہ نہ رک سکا، تازہ حملوں میں مزید 8 فلسطینی شہید جبکہ 25 زخمی ہو گئے۔ ادھر اسرائیلی کابینہ کے رکن بن گویئر نے مستعفی ہونے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ جنگ بندی سے متفق نہیں۔ قبل ازیں حماس کی جانب سے جاری ایک بیان میں کہا گیا تھا کہ کچھ تکنیکی وجوہات کی بنا پر فہرست جاری کرنے میں تاخیر ہو رہی ہے، رابطوں میں رکاوٹ کے باعث پیغام رسانی میں مشکلات ہیں، جنگ بندی معاہدے پر عمل درآمد کریں گے۔ دوسری جانب اسرائیلی وزیراعظم نے جنگ بندی قیدیوں کی فہرست سے مشروط کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب تک قیدیوں کی فہرست نہیں ملے گی جنگ بندی نہیں ہوگی، نقشہ یا ہونے اسرائیلی فوج کو جنگ بندی سے روک دیا۔ واضح رہے کہ لئے بچے فلسطینی تباہ حال گھروں میں واپسی کے منتظر ہیں، اسرائیلی کی وحشیانہ بمباری سے بستیاں ملیامیٹ، گھر، ہسپتال، سکولز اور کالجز کھنڈر بن چکے ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیلی افواج جنوبی غزہ میں رفح سٹی سے انخلا شروع ہو گئیں، اسرائیلی فوج مصری سرحد کے ساتھ فلاڈیلفی راہداری کے ساتھ موجود رہیں گی۔ واضح رہے کہ معاہدے کے تحت 33 اسرائیلیوں کو رہائی ملے گی، اسرائیل 95 فلسطینیوں کو رہا کرے گا، اسرائیلی حکام نے حماس کی قید میں موجود 33 یرغمالیوں کی تصاویر جاری کر دیں۔ جنگ بندی معاہدے کے دوسرے مرحلے میں مصر کے ساتھ رفح کراسنگ کھولی جائے گی جبکہ تیسرے مرحلے میں غزہ کی تعمیر نو کے معاملات طے ہوں گے۔

تبصیہ 5

سرمایہ کاری کو راغب کرے گا۔ بانک کانگ کے ڈی وی کو دیئے گئے انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پاکستان پانڈا بانڈز کے ذریعے چین کی کیپیٹل مارکیٹس میں شمولیت اختیار کرنے کا ارادہ رکھتا ہے، اس پانڈا اجرا کے ذریعے پاکستان چینی سرمایہ کاروں سے تقریباً 200 ملین امریکی ڈالر جمع کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ حکومت پاکستان کی معیشت کو برآمدات پر مبنی ترقی کی طرف منتقل کرنے پر توجہ مرکوز کر رہی ہے تاکہ ادائیگیوں کے توازن میں پائیداری حاصل کی جائے۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے چین۔ پاکستان اقتصادی راہداری کے دوسرے مرحلے (سی پیک 2.0) کی اہمیت پر زور دیا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ چین۔ پاکستان اقتصادی راہداری کا دوسرا مرحلہ مزید چینی کمپنیوں اور سرمایہ کاری کو راغب کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ بانک کانگ کے ساتھ مالیاتی تعاون کو بڑھانے کے لیے پرعزم ہیں۔ وزیر خزانہ نے بانک کانگ کو پاکستان میں تجارتی اور مالیاتی مواقع کا جائزہ لینے کے لیے وفود بھیجنے کی دعوت دی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ بانک کانگ چینی اور پاکستانی کمپنیوں کے درمیان مشترکہ منصوبوں کے لیے ایک موزوں مقام ثابت ہو سکتا ہے۔

تبصیہ 6

کو درست سمت میں استعمال لا کر ہی ملک کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین سینیٹ نے بطور مہمان خصوصی اقراء یونیورسٹی کے 25 ویں کانووکیشن کی منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب کا انعقاد جناح کنونشن سینٹر اسلام آباد میں کیا گیا۔ تقریب میں فارغ التحصیل طلباء و طالبات، والدین، اساتذہ اور دیگر افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ سید یوسف رضا گیلانی نے طلباء و طالبات کو ان کی کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ڈیجیٹل، سماجی اور جذباتی مہارتیں روزگار کے مواقع حاصل کرنے کے لیے کلیدی حیثیت رکھتی ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے عالمی منظرنامے کو مدنظر رکھتے ہوئے کہا کہ طلبہ کو جدید مہارتوں سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے تعلیم، اختراع اور قومی ترقی کو اہم قرار دیا اور نوجوانوں کو جدید چیلنجز کے لیے تیار کرنے پر زور دیا۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پاکستان کی علمی معیشت کی طرف منتقلی نوجوانوں کے لیے بے شمار مواقع پیدا کرے گی۔ تعلیمی اداروں کو تخلیقی سوچ اور قیادت کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ معلومات اور بصیرت جدید دور میں ترقی کے حقیقی سرمایہ ہیں۔ سید یوسف رضا گیلانی نے حکومت، تعلیمی اداروں اور پارلیمنٹ کے تعاون کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ قائداعظم کے وژن کے مطابق طلبہ کو تیار کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے تعلیمی بہتری اور اختراع کے لیے مل کر کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ 21 ویں صدی کے ناخواندہ وہ ہیں جو دوبارہ سیکھنے کی صلاحیت نہ رکھتے ہوں۔ انہوں نے کہا کہ انسانی اور فکری سرمایہ ملک کی مجموعی قومی پیداوار (GDP) میں پائیدار ترقی کا ضامن ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے تعلیمی نظام میں پاکستان پیپلز پارٹی کی خدمات پر روشنی ڈالی اور کہا کہ ہندوستان میں مقیم مسلمانوں کے لیے اسکولز اور کالجز میں داخلے، بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی کے طلبہ کے باہر کی یونیورسٹیوں میں داخلے اور تعلیمی معیار کی بہتری کے لیے اقدامات شامل ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے نوجوانوں کو قومی ترقی میں اہم کردار ادا کرنے کی ترغیب دی اور تعلیم کو ترقی کی بنیاد قرار دیا۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے فارغ التحصیل طلباء پر زور دیا کہ وہ عملی زندگی میں قدم رکھتے وقت دیانتداری، محنت اور پیشہ ورانہ مہارت کو اپنا شعار بنائیں۔ انہوں نے طلباء کو قومی ترقی میں حصہ ڈالنے کی تلقین کرتے ہوئے کہا کہ یہ وقت ہے کہ آپ اپنی تعلیم کو ملک و قوم کی خدمت میں لگائیں۔ کانووکیشن تقریب کے اختتام پر سید یوسف رضا گیلانی نے طلباء و طالبات کو ڈگریاں اور میڈلز تقسیم کیے اور ان کے روشن مستقبل کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

تبصیہ 7

خلاف منی لانڈرنگ کیس سماعت آج (پیر) کے روز ہو گی۔ سپریم کورٹ سنٹرل کے جسٹس میان گھمن کیس کی سماعت کریں گے۔

تبصیہ 8

آپریشنز کا آغاز کرے گا۔ اس تاریخی موقع پر پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (PIA503) کی کراچی سے پہلی (اے ٹی آر 42) پرواز نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ ایئرپورٹ پہنچے گی۔ افتتاحی تقریب میں مسافروں کا استقبال متوقع طور پر وزیر دفاع و ہوابازی خواجہ آصف کریں گے۔ پہلی پرواز کو لینڈنگ کے بعد ریسکیو اینڈ فائر فائٹنگ سروسز (RFFS) کے واٹر باؤزرز کے ذریعے روایتی واٹر سلوٹ دیا جائے گا۔ تقریب میں معزز شخصیات میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، سیکرٹری ایوی ایشن احسن علی منگی، ڈائریکٹر جنرل پاکستان ایئرپورٹس اتھارٹی (ایئر وائس مارشل) ذیشان سعید ستارہ امتیاز (ملٹری)، ڈائریکٹر جنرل سول ایوی ایشن اتھارٹی نادر شفیع ڈار اور میجر جنرل عدنان اسف جہ شاد (بالِ امتیاز ملٹری)، ڈائریکٹر جنرل ایئرپورٹ سیکیورٹی فورس (اے ایس ایف) شامل ہوں گے۔ وفاقی و صوبائی حکومت اور مسلح افواج کے اعلیٰ حکام بھی تقریب میں شرکت کریں گے۔ تقریب کے اختتام پر ایئرپورٹ کے مختلف حصوں کا دورہ اور معززین کا گروپ فوٹو لیا جائے گا۔

تبصیہ 9

کرپشن کی، مذاکرات جمہوریت کا حسن ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ تحریک انصاف ایوان میں بیٹھے لیکن اس میں کامیابی نظر نہیں آ رہی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے خمیر میں ہی مثبت سیاست نہیں ہے، پی ٹی آئی این آر او کے لیے منتیں کر رہی ہے، لیکن تحریک انصاف سے نہ ڈیل ہو گی نہ ڈھیل ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ کرم ایجنسی کا مسئلہ تشویشناک ہے اس کا حل نکلنا چاہیے، کرم میں امن و امن قائم رکھنا صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے، امن و امن برقرار رکھنے کے لیے وفاقی حکومت خیبر پختونخواہ حکومت کی مدد کرنے کو تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم رمضان میں عوام کے لیے جلد بڑے پیکج کا اعلان کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یوٹیلٹی سٹورز کو پرائیوٹ کرنے یا پبلک پرائیوٹ پارٹنرشپ پر چلانے کی طرف جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یورپ شدید حادثہ میں پاکستانیوں کی اموات پر دکھ ہے، انسانی اسمگلنگ پر سخت قوانین بنا رہے ہیں تاکہ آئندہ اس طرح کا افسوسناک حادثہ نہ ہو۔

تبصیہ 10

بعد آج (پیر) کے روز دو پیپر دو بجے شروع ہو گا۔ اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے ایجنڈا جاری کر دیا گیا ہے۔ اجلاس میں وزارت انوائرمنٹ پروٹیکشن سے متعلق سوالات اور توجہ برائے نوٹسز کے جوابات دیئے جائیں گے۔ سرکاری بزنس بھی 12 بلوں کی منظوری بھی ایجنڈے کا حصہ ہے۔ حکومت کی طرف سے پنجاب تنازعات کا متبادل حل (ترمیمی)، پتنگ بازی ممانعت (ترمیمی)، مجرموں کی پروبیشن (ترمیمی)، پنجاب ایجوکیشن، کریکولم، ٹریننگ اینڈ اسیسمنٹ اتھارٹی بل، پنجاب پروٹیکٹڈ ایریاز (ترمیمی)، پنجاب واٹکل لائف حفاظت، تحفظ، بچاؤ اور مینجمنٹ (ترمیمی)، پنجاب واٹر اینڈ سینی ٹیشن اتھارٹی بل، ڈینٹس ہاؤسنگ اتھارٹی راولپنڈی (ترمیمی)، پنجاب انسٹیٹیوٹ آف اپیشیل کورٹس (اوورسیز پاکستانیز پراپرٹی) بل، پنجاب تیاانجن یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی لاہور (ترمیمی)، میر چاکر خان رند یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی ڈیرہ غازی خان (ترمیمی) اور پنجاب یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی رسول (ترمیمی) بل منظوری کے لئے ایوان میں پیش کئے جائیں گے۔ وزیر خزانہ ایوان میں پوسٹ بجٹ پر بحث کا آغاز بھی کریں گے۔

تبصیہ 11

ہیں۔ عوام کا اللہ تعالیٰ پر کامل یقین ہے کہ ہمیشہ حق اور سچ کی جیت ہوتی ہے۔ علیم عادل شیخ نے کہا کہ عمران خان قوم اور ملک کے حقوق کے دفاع کے لیے ڈٹے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا، نہ کوئی ڈیل ہو گی اور نہ کوئی رعایت لی جائے گی، ہم ڈٹ کر مقابلہ کریں گے۔ فسطائی حکومت کے کہنے پر دی گئی ظالمانہ سزائیں عمران خان کو جھکا نہیں سکتیں۔ قوم عمران خان کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عمران خان نے القادر یونیورسٹی قرآن و سنت کی تعلیم عام کرنے کے لیے قائم کی۔ القادر ٹرسٹ کیس کے فیصلے پر تنقید کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس فیصلے نے عالمی سطح پر ملک کے نظام کا مذاق بنا دیا ہے۔ علیم عادل شیخ نے یہ بھی اعلان کیا کہ 8 فروری کو "یوم سیاہ" کے طور پر منایا جائے گا۔ انہوں نے کہا "8 فروری کو عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکا ڈالا گیا، فارم 47 پر جعلسازی کے ذریعے نتائج تبدیل کیے گئے۔ عوام کے مینڈیٹ کی توہین حالات کو مزید خراب کرے گی۔ جمہوریت عوام کی طاقت سے بنتی ہے، ووٹ چوری سے نہیں۔ چوری شدہ ووٹوں سے بننے والی حکومتیں غیر قانونی ہوتی ہیں، اور ایسی حکومتوں کے تمام فیصلے واپس لیے جائیں گے۔" انہوں نے آخر میں کہا کہ عمران خان کی رہائی کے بغیر ملک میں سیاسی استحکام ممکن نہیں۔

تبصیہ 12

کرنے والے 5 خوارجی دہشتگردوں کو عبرتناک انجام تک پہنچایا۔ محسن نقوی سیکیورٹی فورسز کی کارروائی کو تحسین کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ محسن نقوی خوارجی دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کو شاباش دیتے ہیں۔ محسن نقوی قوم کو باشعور سیکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں پر فخر ہے۔ محسن نقوی

تبصیہ 13

کر سامنے آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ ایک دو دن میں 190 ملین پاؤنڈ فیصلے کو چیلنج کریں گے، ہم سوچ و فکر کی بنیاد پر لڑیں گے، ہم قانون کی جنگ بھی لڑیں گے اور اخلاق کی بھی۔ مرکزی سیکرٹری جنرل تحریک انصاف کا کہنا تھا کہ القادر یونیورسٹی بند کرنے کی سازش ہو رہی ہے، یہ باقی یونیورسٹیوں کی طرح کا ایک ٹرسٹ ہے۔ 26 ویں آئینی ترمیم سے عدالتی نظام کمزور ہوا، تمام حقیقت سامنے آ چکی ہے ہم اعلیٰ عدلیہ سے رجوع کریں گے جبکہ سیاسی حوالے سے ہم ہر سطح پر مذاکرات کر رہے ہیں۔ رہنما تحریک انصاف کنول شوذب کا کہنا تھا کہ نومئی کے بعد بانی پی ٹی آئی کو ٹارگٹ کر کے 200 مقدمات بنائے گئے، من پسند ڈیل نہ ملنے پر عمران خان کو ہدف کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک میں پچھلے کچھ دنوں سے تماشا لگا ہوا ہے، آپ سچ کو چھپا نہیں سکتے، بار بار جھوٹ بولتے ہیں۔

تبصیہ 14

65 لاکھ بچے سکولوں سے باہر ہیں، سندھ کو وفاق سے ملنے والے اربوں روپے کہاں جاتے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ پاکستانی عوام صابن، گھی اور دیگر اشیاء پر اپنی جیب سے 25 فیصد ٹیکس ادا کرتے ہیں، عوام کو حکومت سے کوئی فائدہ نہیں، حکومت عوام کے لے رحمت کی بجائے زحمت بن چکی ہے، جب میں وزیر خزانہ تھا تو انکم ٹیکس 15 فیصد کیا جو اب بڑھ کر 49.50 ہو چکا ہے۔ سیکرٹری جنرل عوام پاکستان پارٹی کا کہنا تھا کہ پاکستان میں بجلی اور گیس سری لنکا، انڈونیشیا، ملائشیا، ساؤتھ افریقہ، کینیا، ایتھوپیا سے بھی مہنگی ہے، بانی پی ٹی آئی نے اپنی حکومت میں نیب، نیب کھیل کر سیاست کی اور اپنے مخالفین کو جیلوں میں ڈالا۔ مشتاق اسماعیل نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو جو سزا ہوئی ہے وہ ٹھیک ہے، بشریٰ بی بی کو سزا دینا سمجھ سے بالاتر ہے ان کے پاس حکومتی عہدہ نہیں تھا، پی ٹی آئی بیرونی ملک سے لابنگ اور دوسری جانب حکومت سے مذاکرات بھی کر رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکا کا ثبت عمل دخل نہیں رہا، امریکا چاہتے ہیں آئی ایم ایف کے قرضوں سے نکلوا سکتا ہے، سندھ میں 18 سال سے پی پی، 13 سال سے پنجاب میں ن لیگ اور کے پی کے میں پی ٹی آئی کی حکومت ہے لیکن حکومتوں کو عوام کا کوئی ادراک نہیں۔ سیکرٹری جنرل عوام پاکستان پارٹی نے مزید کہا کہ حکمرانوں کی حکمرانی ناکام ہو چکی ہے، ن لیگ کو چاہیے تھا کہ 8 فروری کے عام انتخابات میں اپنی شکست تسلیم کرتی، ملک میں مہنگائی اتنی بڑھ چکی ہے کہ عام اشیاء عوام کی پہنچ سے دور ہوتی جا رہی ہیں۔

تبصیہ 15

بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ بند لفافے کو تحقیقاتی ادارے کھول سکتے ہیں، اگر آپ میں اخلاقی جرات ہے تو اس بند لفافے کو کھول دیں۔ القادر یونیورسٹی کو نواز شریف خاندان کے ہتھے چڑھنے نہیں دیں گے۔ فیصل چودھری کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی نے یہ بھی کہا کہ وہ کسی دباؤ میں نہیں آئیں گے، حقیقی آزادی کے لیے ہر دباؤ جھیلنے کو تیار ہیں۔

تبصیہ 16

پرو کے مطابق چائنا نیشنل اسپیس ایڈمنسٹریشن (سی این ایس اے) اور پاکستان کے اسپیس اینڈ اپر ایٹموسفیئر ریسرچ کمیشن (سپارکو) کے درمیان اہم تعاون سے دیسی ای او ون سیٹلائٹ کامیابی کے ساتھ لانچ کر دیا گیا۔ یہ لانچ لانگ مارچ 2 ڈی (ایل ایم - 2 ڈی) راکٹ کا استعمال کرتے ہوئے چین کے جیکوان سیٹلائٹ لانچ سینٹر میں کی گئی۔ گوادر پرو کے مطابق ای او ون سیٹلائٹ، جو پاکستان کی اپنی تکنیکی صلاحیتوں کی پیداوار ہے، زمین کے مشاہدے اور وسائل کے انتظام میں قوم کی صلاحیتوں کو بڑھانے کے لئے تیار ہے۔ گوادر پرو کے مطابق پاکستان میں چینی سفارت خانے نے ایک سرکاری بیان میں اس کامیابی کو دونوں ممالک کے درمیان مضبوط اور بڑھتی ہوئی شراکت داری کا ثبوت قرار دیتے ہوئے دلی مبارکباد پیش کی۔ بیان میں خلائی تحقیق اور تکنیکی ترقی کے شعبوں میں گہرے تعاون اور باہمی کامیابیوں پر روشنی ڈالی گئی۔ گوادر پرو کے مطابق ای او-1 سیٹلائٹ الیکٹرو آپٹیکل سینسرز کا استعمال کرتا ہے جو سورج کی روشنی یا خارج ہونے والی تابکاری کا پتہ لگانے اور اس کی پیمائش کر کے زمین کی سطح کے اعداد و شمار اور تصاویر جمع کرے گا۔ سپارکو کے مطابق یہ سیٹلائٹ پاکستان کی قدرتی وسائل کی نگرانی اور انتظام، آفات سے نمٹنے اور شہری منصوبہ بندی اور زرعی ترقی کو بہتر بنانے کی صلاحیت میں اضافہ کرے گا۔ سپارکو نے کہا کہ یہ سنگ میل پاکستان کے خلائی تحقیق میں خود انحصاری اور تکنیکی مہارت کی جانب سفر میں ایک بڑی پیش رفت ہے۔ گوادر پرو کے مطابق ایجنسی نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ سیٹلائٹ مختلف شعبوں میں اہم رہنمائی فراہم کرے گا۔ یہ درست کاشتکاری، آبپاشی کے انتظام، اور فصل کی پیداوار کی پیشگوئی کی حمایت کرے گا، جس سے زرعی کارکردگی میں نمایاں اضافہ ہوگا۔ مزید برآں، سیٹلائٹ بنیادی ڈھانچے کی ترقی کی نگرانی اور شہری پھیلاؤ کا انتظام کرنے میں مدد کرے گا، جس سے اچھی طرح سے منصوبہ بند شہری ترقی کو یقینی بنایا جائے گا۔ یہ جنگلات کی کٹائی، گلیشیئر کے پگھلاؤ اور آبی وسائل کا سراغ لگانے میں بھی اہم کردار ادا کرے گا، جو ماحولیاتی تحفظ کی کوششوں میں حصہ ڈالے گا۔ مزید برآں، سیٹلائٹ قدرتی آفات جیسے سیلاب، لینڈ سلائیڈنگ اور زلزلوں کے بارے میں بروقت اپ ڈیٹس فراہم کرے گا، جس سے ان کے اثرات کو کم کرنے کے لئے موثر اور فوری ردعمل کے اقدامات ممکن ہو سکیں گے۔ گوادر پرو کے مطابق مزید برآں یہ سیٹلائٹ معدنیات، تیل اور گیس کے ذخائر سمیت قدرتی وسائل کی نگرانی اور تحفظ میں مدد دے گا۔ یہ صلاحیتیں سیٹلائٹ کو پائیدار ترقی اور باخبر فیصلہ سازی کے لئے ایک اہم ذریعہ بناتی ہیں۔ یہ کامیاب لانچ پاکستان کے خلائی ٹیکنالوجی کے سفر میں ایک اہم قدم ہے۔ چائنا ایرو اسپیس سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کارپوریشن کے مطابق بی آر ایس سی۔ ای او 1 کے علاوہ چین کے لانگ مارچ-2 ڈی کیریئر راکٹ نے دو دیگر سیٹلائٹ، تیانلو-1 اور ہیلو کارسن 1 کو بھی لانچ کیا۔

تبصیہ 17

کے بعد بنیادی مراکز صحت اور دیہی مراکز صحت کا خود معائنہ اور افتتاح کریں گی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پی اینڈ ڈی کو اضافی وسائل پیدا کرنے کا ہدف دے دیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا، جس میں پنجاب بھر میں جاری روڈز اور ہیلتھ کے ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کا جائزہ لیا گیا۔ صوبائی سیکرٹری تعمیرات و مواصلات سہیل اشرف نے ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ روڈ بحالی پروگرام کے تحت 462 پراجیکٹس کی منظوری دی گئی جس میں سے 455 پر کام شروع ہو چکا ہے۔ روڈ بحالی پروگرام کے تحت تعمیر و بحالی کا 25 فیصد سے زائد کام مکمل ہو چکا ہے۔ روڈ بحالی پروگرام فیز ٹو کے تحت 72 سکیموں کی منظوری دی گئی، جن میں سے 67 پر کام شروع ہو چکا ہے جبکہ روڈ بحالی پروگرام فیز ٹو کے پراجیکٹ پر 24 فیصد سے زائد کام مکمل ہو چکا ہے۔ پنجاب بھر کے 1236 بنیادی مراکز صحت کی تعمیر و بحالی کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ پنجاب بھر میں مراکز صحت کی تعمیر و بحالی کا 75 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے، پنجاب کے مختلف علاقوں میں 54 بنیادی مراکز صحت کی تعمیر و بحالی پوری طرح مکمل ہے جبکہ 1164 بنیادی مراکز صحت پر تعمیر و بحالی تکمیل کی جانب گامزن ہے۔ 1211 بنیادی مراکز صحت کی پلاسٹرنگ، 1143 مراکز صحت کی فلورنگ جبکہ 1004 مراکز صحت کی فنشنگ کا کام جاری ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے مراکز صحت کی تعمیر و بحالی کی بروقت تکمیل کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب بھر میں رابطہ سڑکوں کی بحالی اور تعمیر و مرمت سے لاکھوں شہری مستفید ہوں گے۔ کمیت تا منڈی سڑک کی تعمیر سے معاشی سرگرمیاں بھی بڑھیں گی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ نئے مریم نواز ہیلتھ کلینک بننے سے دور دراز علاقوں کے عوام کو صحت کی بہترین سہولتیں میسر ہوں گی۔ پہلی مرتبہ دیہات کے عوام کو شہروں کے اعلیٰ پرائیویٹ کلینکس کا ماحول ملے گا۔

تبصیہ 18

کی تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں، فورسز نے کئی مورچوں کا کنٹرول سنبھال لیا، فورسز کی بھاری نفری لوئر کرم میں موجود ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق بنگرز مسماری کا عمل تاخیر کا شکار رہا، دونوں فریقین کے اب تک 8 بنگرز مسمار ہو چکے ہیں۔

تبصیہ 19

بعد سپریم کورٹ نے خود مانا۔ جسٹس اطہر من اللہ کا کہنا ہے کہ لاہور کے شاہی قلعہ میں سیاسی ریلی نکالنے پر لوگوں کو تشدد کا نشانہ بنایا جاتا تھا، جنرل ضیاء نے سری لنکا کی حکومت سے درخواست کی کہ ان کی بیٹی ہاتھی کا بچہ رکھنا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک حکومت کی دوسرے ملک کی حکومت کو درخواست تھی، ہاتھی بھی ہم انسانوں کی طرح بہت جذباتی ہوتے ہیں، 3 سالہ ہاتھی کا بچہ سری لنکا سے پاکستان آیا اور ایک بیک یارڈ میں رکھا گیا۔ ان کا کہنا ہے کہ ہاتھی کا بچہ بڑا ہوا تو انہوں نے فیصلہ کیا کہ اسلام آباد میں چڑیا گھر بنایا جائے اور اسے وہاں رکھا جائے۔ سپریم کورٹ کے جج نے کہا کہ جبری گمشدگی اور قیدیوں کے حقوق سے متعلق ججمنٹ اسلام آباد ہائی کورٹ نے دی تھی، بہت سے بنیادی حقوق پر اسلام آباد ہائی کورٹ کی جسٹس ملیں گی۔

تبصیہ 20

صدارت خصوصی اجلاس ہوا جس میں صوبہ بھر میں جاری سڑکوں اور ہیلتھ کے ڈویلپمنٹ پراجیکٹس کا جائزہ لیا گیا، صوبائی سیکرٹری تعمیرات و مواصلات سہیل اشرف نے ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں وزیر اعلیٰ کو تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ روڈ بحالی پروگرام کے تحت 462 پراجیکٹس کی منظوری دی گئی تھی جن میں سے 455 پر کام شروع ہو چکا ہے، روڈ بحالی پروگرام کے تحت تعمیر و بحالی کا 25 فیصد سے زائد کام مکمل کیا جا چکا ہے۔ وزیر اعلیٰ کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ روڈ بحالی پروگرام فیز ٹو کے تحت 72 سکیموں کی منظوری دی گئی جن میں سے 67 پر کام جاری ہے، روڈ بحالی پروگرام فیز ٹو کے پراجیکٹ پر 24 فیصد سے زائد کام مکمل ہو چکا ہے۔ سیکرٹری مواصلات نے بتایا کہ پنجاب بھر کے 1236 بنیادی مراکز صحت کی تعمیر و بحالی کا 75 فیصد کام مکمل ہے، پنجاب کے مختلف علاقوں میں 54 بنیادی مراکز صحت کی تعمیر و بحالی کا جا چکی ہے، 1164 بنیادی مراکز صحت پر تعمیر و بحالی تکمیل کی جانب گامزن ہے۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ 1211 بنیادی مراکز صحت کی پلاسٹرنگ اور 1143 مراکز صحت کی فلورنگ جبکہ 1004 مراکز صحت کی فنشنگ کا کام جاری ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے مراکز صحت کی تعمیر و بحالی کی بروقت تکمیل کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب بھر میں رابطہ سڑکوں کی بحالی اور تعمیر و مرمت سے لاکھوں شہری مستفید ہوں گے۔ کمیت تا منڈی سڑک کی تعمیر سے معاشی سرگرمیاں بھی بڑھیں گی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ نئے مریم نواز ہیلتھ کلینک بننے سے دور دراز علاقوں کے عوام کو صحت کی بہترین سہولتیں میسر ہوں گی۔ پہلی مرتبہ دیہات کے عوام کو شہروں کے اعلیٰ پرائیوی

City News
سٹی نیوز

اسلام گڑھ؛ سپریم ہیڈ چنار پریس کلب رجسٹرڈ تحصیل اسلام گڑھ چوہدری عبدالرزاق نیازی مرحوم کے تعزیتی ریفرنس سے مقررین اظہار خیال کر رہے ہیں۔

فوٹو جرنلسٹ ایسوسی ایشن الیکشن، اپنا پینل نے کلین سویپ کر دیا

سجاد حیدر صدر سہیل شہزاد جنرل سیکرٹری منتخب، تمام امیدواروں نے میدان مار لیا

راولپنڈی (آن لائن) راولپنڈی اسلام آباد فوٹو جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے سالانہ الیکشن پنڈی پریس کلب میں منعقد ہوئے چیئرمین الیکشن کمیشن ناصر میر ممبر عامر لودھی کے مطابق اپنا پینل کے تمام امیدواروں نے میدان مار لیا صدر سجاد حیدر سینئر نائب صدر جہانگیر چوہدری جنرل سیکرٹری سہیل شہزاد نائب صدور چوہدری جاوید مدثر راجہ فنانس سیکرٹری محمد عاصم جوائنٹ سیکرٹری فیصل خان انفارمیشن سیکرٹری سید مہدی منتخب ہو گئے جبکہ ممبران گورننگ باڈی رضوان خان حبیب شیخ راجہ ظفر حنیف خٹک عابد ضیاء، سلطان بشیر طاہر کاظمی بھی کامیاب قرار پائے سجاد حیدر نے خطاب میں کہا کہ وہ تمام ممبران کو ساتھ لے کر چلیں گے اور فوٹو جرنلسٹ کی فلاح وبہبود میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں گے انہوں نے سینئر فوٹو جرنلسٹ فہیم ملک اور اگے گروپ کو جمہوری عمل میں شامل ہونے پر شکریہ ادا کیا سینئر فوٹو جرنلسٹ جاوید ناصر بی کے بخش مظہر خان لطیف عادل آغا مہروز تنویر شہزاد سمیت 87 فوٹو جرنلسٹ نے اپنا حق رائے دہی استعمال کیا۔

راولپنڈی: فوٹو جرنلسٹ ایسوسی ایشن الیکشن، اپنا پینل کا انتخابات میں کلین سویپ کے بعد گروپ فوٹو

ملک میں کورونا کیسز کے دوبارہ پھیلاؤ کی خبریں، قومی ادارہ صحت

سردیوں میں انفلوئنزا، ایچ ون این ون کیسز رپورٹ ہوتے ہیں

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ملک میں کورونا کیسز کے دوبارہ پھیلاؤ کی خبروں پر قومی ادارہ صحت نے وضاحت جاری کردی۔ اے آر وائی نیوز کے مطابق قومی ادارہ صحت نے ملک میں کورونا کیسز کے پھیلاؤ کی تردید کی ہے، اس حوالے سے سینٹر فار ڈیزیز کنٹرول این ایچ کے سربراہ ڈاکٹر ممتاز خان نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کے حوالے سے صورتحال قابو میں ہے، کورونا کیسز میں تیزی سے اضافے کی بات درست نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں انفلوئنزا، ایچ ون این ون کیسز سامنے آ رہے ہیں، سردیوں میں امراض تنفس کیسز میں اضافہ معمول کی بات ہے، کورونا، نیمونیا، انفلوئنزا موسمی ٹھوکی علامات ملتی جلتی ہیں اس لیے شہریوں کو گھبرانے کی ضرورت نہیں حالات قابو میں ہیں، قومی ادارہ صحت نے ملک بھر میں سرویلنس بڑھا دی ہے۔ دوسری طرف ماہر متعدی امراض ڈاؤ ہسپتال پروفیسر سعید خان نے بتایا کہ کراچی میں بڑی تعداد میں لوگ نزلہ، کھانسی اور بخار میں مبتلا ہو رہے ہیں، ٹیسٹ کروانے پر 25 سے 30 فیصد مریضوں میں کورونا مثبت آ رہا ہے، 10 سے 12 فیصد مریضوں میں انفلوئنزا ایچ 1 این 1 جبکہ 5 سے 10 فیصد بچوں میں سانس کی نالی کے انفیکشن کی تصدیق ہو رہی ہے، کورونا، انفلوئنزا ایچ 1 این 1 اور سردیوں کے دیگر وائرل انفیکشن کی علامات ملتی جلتی ہیں۔ ماہر متعدی امراض کہتے ہیں کہ ان تمام وائرسز کی علامات آپس میں ملتی ہیں، اکثر مریض ٹیسٹ نہیں کرواتے جس کے باعث بیماریوں کی تصدیق نہیں ہوتی، کورونا وبا کی علامات میں ذائقہ اور خوشبو کا ختم ہونا بھی شامل ہیں، سردیوں میں یہ بیماریاں تیزی سے پھیلتی ہیں۔

دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا خوارجی دہشتگردوں کی پاک افغان بارڈر سے ڈوب میں دراندازی کی کوشش ناکام بنانے پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین۔ اپنے پیغام میں محسن نقوی نے کہا کہ سیکورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرکے خوارجی دہشتگردوں کی بلوچستان میں دراندازی کو ناکام بنایا بہادر سیکورٹی فورسز نے دراندازی کرنے والے 5 خوارجی دہشتگردوں کو عبرتناک انجام تک پہنچایا سیکورٹی فورسز کی کارروائی کو تحسین کی نگاہ سے دیکھتے ہیں خوارجی دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے پر سیکورٹی فورسز کو شاباش دیتے ہیں قوم کو بلاشبہ سیکورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں پر فخر ہے۔

پنجاب میں طلبا اب مزید 3 نئے گروپس میں میٹرک کر سکیں گے

لاہور (نیوز رپورٹر) پنجاب میں طلبا اب مزید 3 نئے گروپس میں میٹرک کر سکیں گے۔ محکمہ سکول ایجوکیشن کا کہنا ہے کہ میٹرک سائنس اور میٹرک آرٹس کے ساتھ مزید 3 گروپ شامل کئے گئے ہیں، میٹرک طلبا کیلئے ہیلتھ سائنسز، ایگریکلچر سائنس اور فیشن ڈیزائننگ گروپ تیار کئے گئے ہیں۔ طلبا 9 ویں کلاس سے دو ہزار پچیس چھبیس کے تعلیمی سیشن سے گروپ کا انتخاب کر سکیں گے محکمہ اسکول ایجوکیشن کی جانب سے نئے گروپس کی مضامین لسٹ بھی جاری کر دی گئی ہے۔

قتل واقدام قتل کے مقدمات میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) مندرہ پولیس نے قتل واقدام قتل کے مقدمات میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار کرلیا، تفصیلات کے مطابق مندرہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے قتل واقدام قتل کے مقدمات میں مطلوب اشتہاری مجرم شاہ ذیب کو گرفتار کرلیا، اشتہاری شاہ زیب نے فائرنگ کرکے نوید کو قتل اور دیگر کو زخمی کر دیا تھا، اشتہاری نے گزشتہ سال ایک اور واقعہ میں فائرنگ کرکے خاتون کو بھی زخمی کر دیا تھا، اشتہاری کے 2 ساتھی ڈیشان اور ضمیر قتل اذیں گرفتار ہو چکے ہیں، مندرہ پولیس نے ہیومن انٹیلی جینس کی مدد سے اشتہاری مجرم کو گرفتار کرلیا۔

چودھری عبدالرزاق نیازی مرحوم کا تعزیتی ریفرنس

ریفرنس کا انعقاد چنار پریس کلب رجسٹرڈ تحصیل اسلام گڑھ کے زیر اہتمام کیا گیا

اسلام گڑھ (تحصیل رپورٹر) چنار پریس کلب رجسٹرڈ تحصیل اسلام گڑھ کے زیر اہتمام سپریم ہیڈ چودھری عبد الرزاق نیازی مرحوم کا تعزیتی ریفرنس انتہائی عقیدت و احترام سے منایا گیا۔ تعزیتی ریفرنس کے مہمان خصوصی حضرت علامہ مولانا پیر محمد حبیب الرحمن محبوبی آستانہ عالیہ فیض پور شریف، وزیر حکومت امور منگلا ڈیم وہاؤسنگ سوسائٹی چودھری قاسم مجید و اسپیشل ایڈوائزر برائے وزیر اعظم کرنل ریٹائرڈ معروف خان تھے۔ معاشرے کی بہتری کے لیے جس کا قلم کام کرتا رہا وہ عبدالرزاق نیازی تھا۔ دربار شریف سے بھی اور میرے ساتھ ذاتی تعلق بھی رہا۔ قلم اور اپنے فیلڈ کے مطابق بھی کام کرتے رہے۔ عبدالرزاق نیازی کا مشن جاری رہا تو ان کی روح کو سکون ملتا رہے گا۔ چودھری عبدالرزاق نیازی کے مثبت کام جاری رکھیں تاکہ ان کے لیے ایصال ثواب بنتا رہے۔ ہم نے زندگی کو کھلونا بنا دیا ہے۔ بھائی قیمتی الرحمن مرحوم کی عیادت کے لیے آیا تھا وقت مختصر تھا۔ ٹریفک رولز پروگرام میں مجھے بھی مدعو کیا گیا۔ ہماری قوم کا یہ حال ہے کہ رولز سیکھنے والے اور سکھانے والے بھی رولز کی خلاف ورزی کرکے مرنے پر جنس رہے ہیں۔ کوئی بھی مومن ہمیشہ کے لیے جہنمی نہیں ہوگا۔ اعمال صالح میں سب سے زیادہ اہم فرض کی ادائیگی ہے۔ صحافت انتہائی اہم اور ذمہ داری کا ماہ ہے۔ بات بڑھانا اور کم کرنا بھی زیادتی ہے اگر صحافت ذمہ داری سے کی جائے تو سب سے بڑا عمل ہے۔ میں جو کہتا ہوں وہ کروں بھی تو بہت اچھا ہوگا۔ کردار سازی سے نکھار آتا ہے ماسٹر اللہ دتہ سے سوال ہوا کہ آپ کی زندگی میں نکھار کیسے آیا۔ ہم غلطی کو بائی لائٹ کرتے ہیں کردار سازی وہی کر سکتے ہیں جو خود باکردار ہوں۔ والدین کے دوستوں اور سہیلیوں سے خندہ پیشانی سے پیش آنا بھی صدقہ جاریہ ہے۔

21 پاکستانیوں کے زندہ بچنے کی تصدیق، دفتر خارجہ نے نام جاری کر دیئے

رباط میں پاکستانی سفارتخانے کے ذریعے متاثرہ افراد کو فوری رسپانس دیا گیا ہے

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) مراکش کشتی حادثے میں 21 پاکستانیوں کے زندہ بچنے کی تصدیق ہوگئی، دفتر خارجہ نے نام جاری کر دیئے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستانی دفتر خارجہ نے الداخلہ کے قریب مراکش کشتی حادثے میں زندہ بچ جانے والے 21 پاکستانیوں کی فہرست جاری کردی، جن میں میں مدثر حسین، وسیم خالد، محمد خالق، عبدالغفار گل شامیر، نویر احمد، محمد عباس کاظمی، غلام مصطفیٰ، عمران اقبال، شعیب زعفر، علی حسن، محمد عاصف اور بلال اقبال کے نام شامل ہیں۔ اس حوالے سے اپنے ایک بیان میں ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ مصدقہ اطلاعات کے مطابق میری ٹائم کے ریسکیو آپریشن میں 21 پاکستانی بھی شامل ہیں، رباط میں پاکستانی سفارتخانے کے ذریعے متاثرہ افراد کو فوری رسپانس دیا گیا ہے، پاکستانی سفارتخانے نے ابتدائی ضروریات تمام متاثرین کو مہیا کر دی ہیں جس میں کھانا، پانی، ادویات اور کپڑے شامل ہیں، اسی طرح میڈیکل ٹیمیں بھی ریلیف آپریشن میں شامل ہیں، پاکستانی سفارتخانے کی قونصلر ٹیم ریلیف آپریشن کی نگرانی کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت متعلقہ حکام کے ساتھ مل کر پاکستانی شہریوں کو امداد فراہم کر رہی ہے، آپریشن کی مزید نگرانی کے لیے پاکستانی سفارتخانہ اور حکومت پاکستان مراکش حکام کے ساتھ رابطے میں ہیں اور تمام صورتحال کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔

راولپنڈی پولیس کی کارروائی، ایک منشیات فروش گرفتار، 5 کلو چرس برآمد

عرف فوجی کو گرفتار کرکے ساڑھے 12 کلو سے زائد چرس برآمد کی تھی

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے ایک ملزم کو گرفتار کرکے 5 کلو چرس برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر راولپنڈی پولیس کا بڑے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، نیو ٹاؤن پولیس نے منشیات فروش بسم اللہ جان کو گرفتار کرکے 5 کلو چرس برآمد کرلی، 2 روز قبل پیرودھائی پولیس نے بھی بڑے منشیات فروش آصف عرف فوجی کو گرفتار کرکے ملزم سے ساڑھے 12 کلو سے زائد چرس برآمد کی تھی۔ بڑے منشیات فروشوں کے خلاف موثر کارروائی پر ایس پی راول محمد حسیب راجہ نے نیو ٹاؤن اور پیرودھائی پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ سال نو کے آغاز سے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرکے معاشرہ کو منشیات کے ناسور سے پاک کرنے کا عزم جاری رکھا جائے گا۔

راولپنڈی: اسسٹنٹ کمشنر سٹی حاکم خان راولپنڈی شہر میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کر رہے ہیں

اسلام آباد۔ معروف صحافی و مصنف امجد صدیق گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کو اپنی نئی تصنیف کا تحفہ پیش کر رہے ہیں

امجد صدیق کی کتاب "جاپان کہانی" آج کا برننگ ایشو ہے، گورنر پنجاب

اس ملک کی عزت اور وقار کیلئے سب کو کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے، سردار سلیم حیدر

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ امجد صدیق کی کتاب "جاپان کہانی" آج کا برننگ ایشو ہے غریب بچے اپنے بہتر مستقبل کے خواب سجائے اپنی جمع پونجی لگا کر بیرون ممالک جاتے ہیں مگر غیر قانونی طریقے اپنانے سے اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں یہ بہت اہم مسئلہ ہے جس پر ایکشن لینے اور انسانی اسمگلنگ میں ملوث لوگوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کی اشد ضرورت ہے جب تک اس مسئلے پر جزا و سزا کا سلسلہ شروع کرنا پڑے گا اس ملک کی عزت اور وقار کیلئے سب کو کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے ان خیالات کا اظہار نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں معروف صحافی اور مصنف امجد صدیق کی دوسری تصنیف "جاپان کہانی" کی تقریب رونمائی سے خطاب کرتے ہوئے کیا ان کا مزید کہنا تھا کہ تقریب رونمائی میں شرکت کو اپنے لئے اعزاز سمجھتا ہوں، گورنر پنجاب نے مزید کہا کہ امجد صدیق کی اس کتاب کا موضوع آج کا برننگ ایشو ہے آئے روز ہونے والے کشتی حادثوں میں جاں بحق ہونے والوں میں پاکستانی ضرور شامل ہوتے ہیں جو کہ انتہائی افسوسناک بات ہے غربت کی وجہ سے بچے اور اگے والدین زندگی بھر کی اپنی جمع پونجی خرچ کرکے اپنے بچوں کو بہتر مستقبل کیلئے بیرون ممالک بھیجتے ہیں جو بدقسمتی سے اکثر حادثات کا شکار ہو کر اپنے زندگیوں سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔

ہم سیاسی و قومی اہمیت کے امور پر تبادلہ خیال

لاہور (نیوز رپورٹر) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے جاتی امرا میں مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف سے ملاقات کرکے اہم سیاسی و قومی اہمیت کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے نواز شریف کو ملک کی موجودہ سیاسی و معاشی صورتحال سے آگاہ کیا اور اہم امور پر مشاورت کی۔ دونوں رہنماؤں نے کہا کہ ملک کی معاشی بدحالی دور کرنے کیلئے حکومت کی کوششیں رنگ لائی ہیں، مہنگائی کے گراف میں خاطر خواہ کمی آئی ہے۔

سٹریٹ کرائم میں ملوث گینگ کی 2 ملزمان گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) آرے بازار پولیس نے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث گینگ کی 2 ملزمان گرفتار کرکے مسروقہ موٹر سائیکل، رقم 20 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق آرے بازار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث گینگ کی 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں شہریار اور احمد شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ موٹر سائیکل، رقم 20 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد ہوا، ملزمان کو شناخت پریڈ کیلئے جیل منتقل کیا گیا، شناخت پریڈ کے بعد مزید اہم انکشافات متوقع ہیں۔ ملزمان کی گرفتاری پر ایس پی پوٹھوہار نے ایس ایچ او آرے بازار اور ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

راولپنڈی، گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات کئے گئے، راولپنڈی پولیس کی 430 سے زائد افسران و جوانوں نے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے گئے، راولپنڈی پولیس کے 430 سے زائد افسران و جوانوں نے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیے، سینئر افسران ڈیوٹی پر، ماسوا افسران کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق بریف کرتے رہے، تھانوں کی موبائلز، ایلیٹ فورس اور ڈولفن فورس کی خصوصی ٹیموں نے بھی گشت کے فرائض سرانجام دیے۔

عطاء اللہ تارڑ نے اتوار کو یہاں اپنے حلقہ این اے 127 کا دورہ کیا

یو سی 240 میں گلیوں اور سیوریج کی تعمیر سمیت ریکارڈ ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح

لاہور (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے اتوار کو یہاں اپنے حلقہ این اے 127 کا دورہ کیا اور یونین کونسل 240 میں گلیوں اور سیوریج کی تعمیر سمیت ریکارڈ ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر حلقے کے عوام سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ الیکشن میں جو ترقیاتی کاموں کا وعدہ کیا تھا آج انہیں پورا کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بچے بچے کو پتہ چل گیا ہے کہ گھڑی چور عمران نیازی نے 190 ملین پاؤنڈ کا ڈاکہ مارا، دوسروں کو چور کہنے والا ملک کا سب سے بڑا سرٹیفائیڈ چور ثابت ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست مدینہ کا نام لینے والا اسرائیل سے فارن فنڈنگ لے کر ملک کے خلاف استعمال کرتا رہا۔ معاشی صورتحال کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کے ایک سال کے دوران ہی دنیا تسلیم کر رہی ہے کہ پاکستانی معیشت بہتر ہو رہی ہے، پاکستان کے دوست ممالک بھی اب سرمایہ کاری کے لئے پاکستان آ رہے ہیں جنہیں بانی چیئرمین پی ٹی آئی نے ناراض کر دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف کی قیادت میں وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز دن رات محنت کر رہے ہیں۔

حکومت کا خسارے میں چلنے والے یوٹیلیٹی سٹورز کو بند کرنے کا فیصلہ

یوٹیلیٹی سٹورز کارپوریشن کی تنظیم نو اور آپریشنز کی اصلاح شروع کر دی گئی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) حکومت کی جانب سے خسارے میں چلنے والے یوٹیلیٹی سٹورز بند کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ذرائع کا کہنا ہے کہ یوٹیلیٹی سٹورز کارپوریشن کی تنظیم نو اور آپریشنز کی اصلاح شروع کر دی گئی ہے، جس کے لیے وفاقی حکومت نے خسارے میں چلنے والے یوٹیلیٹی سٹورز کو بند کرنے فیصلہ کیا ہے جس کے تحت عملے کی تعداد کم کی جائے۔ بتایا گیا ہے کہ فیصلہ قومی ادارے کی کارکردگی بہتر بنانے اور مالی خسارے کو کم کرنے کے لیے لیا گیا، یوٹیلیٹی سٹورز کی تنظیم نو پر وزارت خزانہ کی رائے شامل کرکے اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں پیش کیا جائے گا، تنظیم نو کا پہلا مرحلہ مکمل ہونے کے بعد دوسرے مرحلے میں نجکاری کو بغیر کسی تاخیر کے ممکن بنایا جائے گا۔ اسی حوالے سے وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین کا کہنا ہے کہ یوٹیلیٹی سٹورز کو پرائیویٹ کرنے یا پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ پر چلانے کی طرف جا رہے ہیں، وزیر اعظم رمضان میں عوام کے لیے جلد بڑے پیکج کا اعلان کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو میں ایک سوال کے جواب پر وفاقی وزیر نے موقف دیا کہ پی ٹی آئی این آر او کے لیے مہمیں کر رہی ہے لیکن تحریک انصاف سے نہ ڈیل ہو گی نہ ڈھیل ہوگی، عمران خان اور ان کی اہلیہ کو سزا قانون کے مطابق ملی ہے، بانی پی ٹی آئی نے اپنی کابینہ کو دھوکہ دے کر تاریخ کی سب سے بڑی کرپشن کی، مذاکرات جمہوریت کا حسن ہیں۔

چیئرمین مسلم انسٹی ٹیوٹ صاحبزادہ سلطان احمد علی دربار عالیہ حضرت سخی سلطان باھو کے زیر اہتمام میلاد مصطفیٰ ﷺ سے خطاب کر رہے ہیں

ہمیں اپنے اندر کی دنیا کو آباد کرنے کی ضرورت ہے، چیئرمین مسلم انسٹیٹوٹ

دربار حضرت سلطان باھوؒ کے زیر اہتمام میلاد مصطفےٰ ﷺ کا انعقاد

اسلام آباد (نمائندہ) اولیا کی تعلیم کے مطابق رسول پاک ﷺ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کریم کی محبت و تعظیم زندگی کے ہر پہلو میں شامل ہونی چاہیے۔ حضور پاک ﷺ کا ادب و تعظیم صحابہ کرام، اہل بیت، تابعین اور اسلاف کا شعار تھا۔ اولیاء کرام کے طریق تربیت میں آقا پاک ﷺ حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور صحابہ اکرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین کا ادب و احترام سکھایا جاتا ہے جو نوآبادیاتی دور سے پہلے تک ہمارے معاشرے کا طرہ امتیاز تھا۔ آج پھر ہمیں نوآبادیاتی دور میں پیدا ہونے والی شدت پسندانہ سوچ سے نکل کر صوفیائے کرام کے امن و محبت کے پیغام پہ عمل پیرا ہونے کی ضرورت ہے۔ یہ تعظیم و محبت اس دنیا، برزخ و آخرت میں انسان کی نجات کا ذریعہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین مسلم انسٹیٹوٹ صاحبزادہ سلطان احمد علی نے دربار عالیہ حضرت سخی سلطان باھوؒ سے وابستہ اسلامی جماعت و عالمی تنظیم العارفین کے تحت سالانہ میلاد مصطفےٰ ﷺ و حق باھوؒ کانفرنس سے خطاب کے دوران کیا۔ صاحبزادہ سلطان احمد علی نے مزید کہا کہ ایک نصاب سرمایہ دارانہ نظام کا ہے جو سرمائے سے محبت سکھاتا ہے۔ جبکہ اولیائے کاملین خصوصاً سلطان العارفین حضرت سلطان باھوؒ نے ایک قاعدہ پڑھایا ہے جو الف سے اللہ، ب سے بسم اللہ، پ سے پنجتن (یعنی پنج تن)، ع سے عشق، ف فقر، ک کلمہ، م مرشد اور اسی طرح راہ حق کے دیگر طریق سکھاتا ہے۔ یہ قاعدہ الف اللہ سے شروع ہو کر ی یار یگانہ پہ مکمل ہوتا ہے۔ یہ قاعدہ اور تعلیم عمل کا درس دیتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کشف المحجوب سے لیکر جاوید نامہ تک ہماری روایت کی تمام کتابیں بیان کرتی ہیں کہ اصل ایمان حضور ﷺ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے محبت اور تعلق ہے کیونکہ ایمان و معرفت کی کسوٹی حب علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے اور یہی ہمارے سبز ہلالی پرچم کی شناخت ہے۔

راولپنڈی، تین بچوں کی ماں سے دو افراد کی مبینہ زیادتی

تھانہ نیو ٹاؤن پہنچی تو پولیس نے روایتی حربے استعمال کرکے ہراساں کرنا شروع کر دیا

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) تھانہ نیو ٹاؤن کے علاقے ڈبل روڈ پر ملازمت دلانے کے بہانے دو دیگر تین بچوں کی ماں سے دو افراد نے مبینہ زیادتی کی، ملزمان خاتون کی نازیبا ویڈیو بھی بناتے رہے۔ متاثرہ خاتون انصاف حاصل کرنے تھانہ نیو ٹاؤن پہنچی تو پولیس نے روایتی حربے استعمال کرتے ہوئے مدعیہ کے سامنے بٹھا کر صلح کے لیے دباؤ ڈالنا شروع کر دیا۔ سی پی او راولپنڈی خالد ہمدانی کے نوٹس لینے پر ملزمان کی خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا دوسری جانب متاثرہ خاتون کا وڈیو بیان بھی منظر پر آ گیا۔ پولیس کے مطابق متاثرہ خاتون کی مدعیت میں درج ایف آئی آر میں خاتون نے کہا کہ اسلام آباد کی رہائشی ہوں، تین بچے ہیں اور خاوند سے علیحدگی ہو چکی ہے، اب والدین کی پاس رہتی ہوں۔ متاثرہ خاتون کے مطابق کال سینٹر میں ملازمت کے دوران فری ہائی خاتون سے ملاقات ہوئی، حالات پوچھنے پر اس کو بتایا کہ معاملات اچھے نہیں جس پر اس نے بہتر ملازمت دلانے کے لیے سبز باغ دکھائے۔ گھر میں موجود تھی کہ فون کرکے ڈبل روڈ بلوایا جہاں پہنچنے پر دیکھا کہ خاتون سمیت دو افراد موجود تھے جنہوں نے اسلحے کی نوک پر مبینہ زیادتی کا نشانہ بنایا۔ ملزمان دھمکیاں دیکر نازیبا وڈیو بھی بناتے رہے۔ متاثرہ خاتون کا وڈیو بیان بھی منظر عام پر آ گیا جس میں خاتون کو تھانہ نیو ٹاؤن میں پولیس عملے کی جانب سے ہراساں کیے جانے کے متعلق الزام عائد کرتے بھی سنا جا سکتا ہے۔

راولپنڈی، تالاب سے بچے کی نعش ملنے کے واقعہ پر سی پی او کا نوٹس

پوسٹ مارٹم رپورٹ پی سے وجہ موت کا حتمی تعین ہو سکے گا

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) روات کے علاقہ میں تالاب سے بچے کی نعش ملنے کے واقعہ پر سی پی او سید خالد ہمدانی نے نوٹس لیتے ہوئے ایس پی صدر سے رپورٹ طلب کرلی، 4 سالہ ارشمان نومبر 2024 میں والدہ کے ساتھ شادی پر گیا جہاں دوسرے بچوں کے ساتھ کھیلتے ہوئے لاپتہ ہو گیا تھا، واقعہ کا مقدمہ تھانہ روات میں درج کیا گیا اور بچے کی تلاش شروع کی گئی، پولیس نے تمام ٹیکنیکل اور ہیومن انٹیلی جنس ذرائع سے بچے کی تلاش کی ہر ممکن کوشش کی، بچے کی فیملی نے بھی پولیس کے ساتھ مل کر ہر ممکن جگہ پر بچے کو تلاش کیا لیکن کامیابی نہ ہو سکی، بچے کی نعش اس مقام کے قریب ہی تالاب سے ملی جہاں وہ اپنی والدہ کے ساتھ شادی پر گیا تھا، ابتدائی طور پر معاملہ کھیلتے ہوئے تالاب میں گر کر وفات کا لگتا ہے تاہم نعش کا پوسٹمارٹم کروایا گیا ہے، پوسٹ مارٹم رپورٹ پی سے وجہ موت کا حتمی تعین ہو سکے گا۔

سی ٹی او اسلام آباد محمد سرفراز ورک پولیس خدمت مرکز سواں گارڈن افتتاح کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

وزارت سائنس و ٹیکنالوجی کے 6 ادارے بند کرنے کا فیصلہ

چار محکموں کو ضم کرنے اور 6 اداروں کو کم افرادی قوت کے ساتھ برقرار رکھنے کی منظوری

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) رائٹ سائزنگ کمیٹی نے وزارت سائنس و ٹیکنالوجی کے 6 ادارے بند کرنے کا فیصلہ کرلیا، 4 محکموں کو ضم کرنے کی منظوری دیدی گئی جبکہ 6 اداروں کو کم افرادی قوت کے ساتھ برقرار رکھا گیا ہے۔ وزارت سائنس و ٹیکنالوجی سے رائٹ سائزنگ کمیٹی کی سفارشات پر عملدرآمد رپورٹ 20 جولائی تک طلب کرلی گئی۔ رائٹ سائزنگ کمیٹی نے وزارت سائنس و ٹیکنالوجی کے 6 ادارے بند کرنے کا فیصلہ کرلیا جبکہ وزارت سائنس کے 4 محکموں کو ضم کرنے کی منظوری بھی دیدی گئی۔ رپورٹ کے مطابق رائٹ سائزنگ کمیٹی نے وزارت سائنس کے 6 اداروں کو کم افرادی قوت کے ساتھ برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے، کمیٹی کی سفارشات پر عملدرآمد رپورٹ 20 جولائی تک طلب کرلی گئی۔ رپورٹ کے مطابق کونسل فار ورکس اینڈ ہاسنگ ریسرچ، پاکستان کونسل فار سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، سائنٹیفک ٹیکنالوجیکل ڈیولپمنٹ کارپوریشن، کاسمیٹک اتھارٹی آف پاکستان کو بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ پاکستان کونسل فار ریٹیوایبل انرجی ٹیکنالوجی، نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف الیکٹرانکس کو ضم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ رائٹ سائزنگ کمیٹی نے پاکستان حلال اتھارٹی کے قفرڈ پارٹی جائزے کی بھی ہدایت کی ہے، پاکستان اسٹینڈرڈز اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی اور پاکستان انجینئرنگ کونسل کو ڈیجیٹلائز کرنے کی ہدایت بھی کر دی گئی۔ رپورٹ کے مطابق لسٹ کو معیار بہتر کرنے اور 100 یونیورسٹیوں میں جگہ بنانے کا پلان پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے، نیشنل یونیورسٹی آف ٹیکنالوجی کو 5 سال میں خود کفالت کے حصول کا پلان پیش کرنے کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔

دراندازی کی کوشش کرنے والے 5 خارجی دہشت گرد مارے گئے

خلاف دہشت گردی کی کارروائیوں کے لیے اپنی سرزمین استعمال کرنے سے روکے

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) سیکیورٹی فورسز نے ڈوب میں پاک افغان سرحد کے قریب کامیاب کارروائی کرتے ہوئے دراندازی کی کوشش کرنے والے 5 خارجی دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ 18 اور 19 جنوری کی رات خوارج کے ایک گروپ نے پاک افغان سرحد سے دراندازی کی کوشش کی، سیکیورٹی فورسز نے ڈوب کے علاقے سمبازہ سے دراندازی کی کوشش ناکام بنادی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سیکیورٹی فورسز کی موثر کارروائی کے نتیجے میں پانچ خوارج مارے گئے، پاکستان عبوری افغان حکومت سے مسلسل کہتا آ رہا ہے کہ وہ سرحد کے اطراف موثر بارڈر مینجمنٹ کو یقینی بنائے۔ رپورٹ کے مطابق توقع ہے کہ عبوری افغان حکومت اپنی ذمہ داریاں پوری کرے گی، افغان حکومت خوارج کو پاکستان کے خلاف دہشت گردی کی کارروائیوں کے لیے اپنی سرزمین استعمال کرنے سے روکے۔ اس میں کہا گیا کہ پاکستان کی سیکیورٹی فورسز اپنی سرحدوں کو محفوظ بنانے اور دہشت گردی کی لعنت کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔

سی ٹی او اسلام آباد محمد سرفراز ورک پولیس خدمت مرکز سواں گارڈن افتتاح کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

چوری میں ملوث دلاور گینگ کا سرغنہ 3 ساتھیوں سمیت گرفتار

راولپنڈی (کرائ